زید بن اسلم سے اس حدیث کو ہشام بن سعد کے سوا اور ہشام بن سعد سے ابوالقاسم بن ابوالزناد کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ عبدالرحمٰن بن یونس اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

667 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بُنْدَارٍ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي عُمَرَ الْعَدَنِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهَا قَالَتْ: كُنْتُ آكُلُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ایک ہی پیالے میں حلوہ کھا رہی تھی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ گزرے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو بلوایا' سوانہوں نے بھی کھایا تو ان کی انگلی میری انگلی سے ٹکرائی گئی تو انہوں نے فرمایا: اوہو ہائے افسوس! اگر

الحديث: 8160 . صحيح ابن حبان جلد14صفحه117' رقم الحديث: 6225 . الأسماء والصفات للبيهقي جلد 2 صفحه 28' رقم الحديث: 599 . السنن الكبرى للبيهقي جلد 6صفحه210' رقم الحديث: 11692 . صحيفة همام بن منبه جلد 1صفحه40' رقم الحديث: 47 . تاريخ اصبهان جلد2صفحه126 .

667- مسند الرویانی جلد2صفحه427' رقم الحديث: 1449 . مسند الشامیین للطبرانی جلد 1صفحه228' رقم الحديث: 408 . معجم ابن المقرئ جلد 1صفحه95' رقم الحديث: 218 . مسند الشهاب القضاعي جلد 1 صفحه412' رقم الحديث: 708 . شعب الايمان جلد 9صفحه34' رقم الحديث: 6228 . الضعفاء الكبير للعقيلي جلد2صفحه108 . تاريخ اصبهان جلد2صفحه276 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ حَيْسًا فِي قَعْبٍ، فَمَرَّ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَدَعَاهُ، فَاَكَلَ، فَاَصَابَتْ اُصْبُعُهُ اُصْبُعِي فَقَالَ: حَسِّ اَوْهِ اَوْهِ، لَوْ اُطَاعُ فِيكُنَّ مَا رَاَتْكُنَّ عَيْنٌ، فَنَزَلَتْ آيَةُ الْحِجَابِ

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمہارے متعلق میری بات مان لیتے تو تمہیں کوئی آنکھ بھی نہ دیکھ پاتی' پس پردہ کی آیت نازل ہوئی۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مِسْعَرٍ اِلَّا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ

مسعر سے اس حدیث کو سفیان بن عیینہ کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔

668 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْدَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنَا اَشْهَلُ بْنُ حَاتِمٍ، عَنْ قُرَّةَ بْنِ خَالِدِ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ اَبِي السَّوَّارِ الْعَدَوِيِّ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: الْحَيَاءُ خَيْرٌ كُلُّهُ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حیاء تمام کی تمام بھلائی ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ قُرَّةَ بْنِ خَالِدِ السَّدُوسِيِّ اِلَّا اَشْهَلُ بْنُ حَاتِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ وَهْبٍ اَبُو السَّوَّارِ مِنْ خِيَارِ الْمُسْلِمِينَ مِنْ كُبَرَاءِ تَابِعِي الْبَصْرَةِ

قرہ بن خالد السدوسی سے اس حدیث کو اشہل بن حاتم کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ ابن وہب اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔ ابوسوارہ بصرہ کے بزرگ تابعین مسلمانوں میں سے ہیں۔

669 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اِبْرَاهِيمَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ

668- شرح مشكل الآثار جلد 4صفحه277' رقم الحديث: 1598 . المعجم الأوسط جلد 4صفحه31' رقم الحديث:3534 . دلائل النبوة للبيهقي جلد6صفحه304 .

669- صحيح البخاری جلد7صفحه159' رقم الحديث: 5885 . سنن أبي داؤد جلد 4صفحه78' رقم الحديث: 4170 . سنن الترمذی جلد 5صفحه105' رقم الحديث: 2784 . سنن ابن ماجه جلد 1 صفحه 614' رقم الحديث: 1904 . جامع معمر بن راشد جلد 11صفحه242' رقم الحديث: 20433 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

الْمَوْصِلِيُّ الْعُمَرِيُّ، حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ مَهْدِيٍّ الْمَوْصِلِيُّ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ الضُّبَعِيُّ، عَنْ اَبِی عَامِرٍ الْخَزَّازِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مِمَّا اَضْرِبُ يَتِيمِی؟ قَالَ: مِمَّا كُنْتَ ضَارِبًا مِنْهُ وَلَدَكَ غَيْرَ وَاقٍ مَالَكَ بِمَالِهِ، وَلَا مُتَاَثِّلٍ مِنْ مَالِهِ مَالًا

میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں اپنے یتیم کو کس چیز سے ماروں؟ آپ نے فرمایا: اس سے جس سے تُو اپنی اولاد کو مارتا ہے' اس کے مال کو اپنے مال سے بچانے والا بھی نہ بننا اور نہ ہی اس کے مال کو (زکوٰۃ کی ادائیگی کے لیے) اصل مال ٹھہرانا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرٍ اِلَّا اَبُو عَامِرٍ الْخَزَّازُ، وَلَا عَنْهُ اِلَّا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ تَفَرَّدَ بِهِ مُعَلَّى بْنُ مَهْدِيٍّ

از عمرو بن دینار از حضرت جابر اس حدیث کو سوا ابوعامر خزاز اور اس سے جعفر بن سلیمان کے کسی نے روایت نہیں کیا۔ معلّٰی بن مہدی اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

670 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ

حضرت صفوان عسال المرادی رضی اللہ عنہ' نبی

مسند أبی داؤد الطیالسی جلد 4صفحہ400' رقم الحدیث: 2801 ۔ مسند ابن الجعد جلد 1صفحہ150' رقم الحدیث: 958 ۔ الأدب لابن أبی شیبة جلد 1صفحہ234' رقم الحدیث: 209 ۔ مصنف ابن أبی شیبة جلد 5 صفحہ 319' رقم الحدیث: 26489 ۔ مسند أحمد جلد 3صفحہ443' رقم الحدیث: 1982 ۔ سنن الدارمی جلد 3صفحہ1733' رقم الحدیث: 2691 ۔ السنن الکبری للنسائی جلد8صفحہ297' رقم الحدیث: 9207 ۔ مسند أبی یعلٰی الموصلی جلد 4 صفحہ 323' رقم الحدیث: 2433 ۔ الکنٰی والأسماء للدولابی جلد 1صفحہ321' رقم الحدیث: 571 ۔ صحیح ابن حبان جلد 13صفحہ61' رقم الحدیث: 5750 ۔ المعجم الأوسط جلد 2صفحہ117' رقم الحدیث: 1435 ۔ المعجم الکبیر للطبرانی جلد 11 صفحہ405' رقم الحدیث: 12148 ۔ الآداب للبیهقی جلد 1صفحہ242' رقم الحدیث: 591 ۔ السنن الکبری للبیهقی جلد8صفحہ391' رقم الحدیث: 16985 ۔ شعب الایمان جلد 10صفحہ222' رقم الحدیث: 7412 ۔ مسند سعد بن أبی وقاص جلد1صفحہ80' رقم الحدیث: 36 ۔

670- مسند اسحاق بن راهویه جلد 3صفحہ679' رقم الحدیث: 1272 ۔ مسند أحمد جلد 41صفحہ490' رقم الحدیث: 25040 ۔ تخریج الأحادیث المرفوعة جلد 1صفحہ453' رقم الحدیث: 132 ۔ المعجم

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

الْفَضْلِ اَبُو مُحَمَّدٍ الْاَصْبَهَانِیُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیمُ بْنُ عَوْنِ بْنِ رَاشِدٍ، حَدَّثَنَا الْحُرُّ بْنُ مَالِكٍ الْعَنْبَرِیُّ، حَدَّثَنَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ عَاصِمِ ابْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَیْشٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ الْمُرَادِیِّ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ

اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: آدمی (بروزِ قیامت) اسی کے ساتھ ہوگا جس سے اس نے محبت کی ہوگی۔

لَمْ یَرْوِهِ عَنْ مُبَارَكٍ اِلَّا الْحُرُّ

مبارک سے اس حدیث کو حر کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔

671 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیمُ بْنُ اِسْحَاقَ الدَّرَاوَرْدِیُّ الطَّبَرَانِیُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَمَّادٍ الطِّهْرَانِیُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ ابْنِ اَبِی ذِئْبٍ، عَنْ صَالِحٍ، مَوْلَى التَّوْاَمَةِ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ: كَانَ لِنَعْلِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قِبَالَانِ، وَلِنَعْلِ اَبِی بَكْرٍ قِبَالَانِ، وَلِنَعْلِ عُمَرَ قِبَالَانِ، وَاَوَّلُ مَنْ عَقَدَ عَقْدًا وَاحِدًا عُثْمَانُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جوتوں کے دو تسمے تھے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے جوتوں کے بھی دو تسمے تھے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے جوتوں کے بھی دو تسمے تھے اور سب سے پہلے جس نے (اپنے جوتوں کی) ایک گرہ لگائی وہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ تھے۔

الأوسط جلد2صفحه9' رقم الحديث: 1057 . الآداب للبيهقی جلد 1صفحه160' رقم الحديث: 387 . السنن الكبرى للبيهقی جلد 9صفحه521' رقم الحديث: 19331 . طبقات المحدثين بأصبهان جلد2صفحه174 .

671- صحيح البخاری جلد3صفحه57' رقم الحديث: 2073 . مسند أحمد جلد 13صفحه497' رقم الحديث: 8160 . صحيح ابن حبان جلد14صفحه117' رقم الحديث: 6225 . الأسماء والصفات للبيهقی جلد 2 صفحه 28' رقم الحديث: 599 . السنن الكبرى للبيهقی جلد 6صفحه210' رقم الحديث: 11692 . صحيفة همام بن منبه جلد 1صفحه40' رقم الحديث: 47 . تاريخ أصبهان جلد2صفحه126 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالَی عَنْھُمْ

لَمْ یَرْوِہِ عَنِ ابْنِ اَبِی ذِئْبٍ اِلَّا مَعْمَرٌ وَلَا عَنْ مَعْمَرٍ اِلَّا عَبْدُ الرَّزَّاقُ .تَفَرَّدَ بِہِ الطِّھْرَانِیُّ

ابن ابی ذئب سے اس حدیث کو معمر کے سوا اور معمر سے عبدالرزاق کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ طہرانی اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

672 - حَدَّثَنَا اِبْرَاھِیمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّسْتُوَائِیُّ التُّسْتَرِیُّ، حَدَّثَنَا یَعْقُوبُ بْنُ اِسْحَاقَ الْقَلُوسِیُّ اَبُو یُوسُفَ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ یُوسُفَ الْقُطَعِیُّ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَبِی جَعْفَرٍ، عَنْ لَیْثِ بْنِ اَبِی سُلَیْمٍ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ بُرَیْدَةَ، عَنْ اَبِیہِ، اَنَّ رَجُلًا جَاءَ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: یَا رَسُولَ اللّٰہِ، اِنِّی حَمَلْتُ اُمِّی عَلَی عُنُقِی فَرْسَخَیْنِ فِی رَمْضَاءَ شَدِیدَةٍ، لَوْ اَلْقَیْتَ فِیھَا بَضْعَةً مِنْ لَحْمٍ لَنَضِجَتْ، فَھَلْ اَدَّیْتُ شُکْرَھَا؟ فَقَالَ: لَعَلَّہُ اَنْ یَکُونَ بِطَلْقَةٍ وَاحِدَةٍ

حضرت سلیمان بن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آیا' اس نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں نے اپنی والدہ کو اپنی گردن (یعنی کندھوں) پر دو فرسخ سخت ترین گرمی میں اُٹھایا ہے کہ اگر اس (گرمی) میں گوشت کا ٹکڑا رکھ دیا جاتا تو بھن جاتا' کیا میں نے اپنی والدہ کا حق شکر ادا کر دیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہوسکتا ہے (تیرا یہ عمل) ایک (غلام کی) آزادی کا بدلہ ہو جائے۔

لَمْ یَرْوِہِ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ اِلَّا لَیْثٌ، وَلَا عَنْ لَیْثٍ اِلَّا الْحَسَنُ بْنُ اَبِی جَعْفَرٍ .تَفَرَّدَ بِہِ عَمْرُو بْنُ یُوسُفَ

علقمہ بن مرثد سے اس حدیث کو لیث کے سوا اور لیث سے حسن بن ابوجعفر کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ عمرو بن یوسف اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

672- مسند الرویانی جلد2صفحہ427' رقم الحدیث: 1449 . مسند الشامیین للطبرانی جلد 1صفحہ228' رقم الحدیث: 408 . معجم ابن المقرئ جلد 1صفحہ95' رقم الحدیث: 218 . مسند الشہاب القضاعی جلد1 صفحہ412' رقم الحدیث: 708 . شعب الایمان جلد 9صفحہ34' رقم الحدیث: 6228 . الضعفاء الکبیر للعقیلی جلد2صفحہ108 . تاریخ اصبہان جلد2صفحہ276 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

673 - حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ قِيرَاطٍ الدِّمَشْقِيُّ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ابْنِ بِنْتِ شُرَحْبِيلَ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ بَشِيرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُمَا قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ عَنْ حَلْقِ الْقَفَا اِلَّا لِلْحِجَامَةِ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حجامت کے سوا گدی کو مونڈنے سے منع فرمایا ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، وَلَا عَنْهُ اِلَّا الْوَلِيدُ تَفَرَّدَ بِهِ الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ رَحِمَهُ اللّٰهُ: مَعْنَاهُ عِنْدِي، وَاللّٰهُ اَعْلَمُ، اَنَّهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ اسْتَقْبَحَ اَنْ يُفْرَدَ حَلْقُ الْقَفَا دُونَ حَلْقِ الرَّأْسِ

قتادہ سے اس حدیث کو سعید بن بشیر کے سوا اور ان سے ولید کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ ولید بن مسلم اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔ ابوالقاسم (امام طبرانی) رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: میرے نزدیک اس کا مطلب یہی ہے اور اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صرف گردن کے بال مونڈنے کو قبیح جانا نہ کہ سر کے بالوں کو۔

674 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ

حضرت حمید بن عبدالرحمٰن بن عوف اپنی والدہ

673- شرح مشكل الآثار جلد 4صفحه277' رقم الحديث: 1598 . المعجم الأوسط جلد 4صفحه31' رقم الحديث:3534 . دلائل النبوة للبيهقى جلد6صفحه304 .

674- صحيح البخارى جلد7صفحه159' رقم الحديث: 5885 . سنن أبى داؤد جلد 4صفحه78' رقم الحديث: 4170 . سنن الترمذى جلد 5صفحه105' رقم الحديث: 2784 . سنن ابن ماجه جلد 1صفحه614' رقم الحديث: 1904 . جامع معمر بن راشد جلد 11صفحه242' رقم الحديث:20433 . مسند أبى داؤد الطيالسى جلد 4صفحه400' رقم الحديث: 2801 . مسند ابن الجعد جلد 1صفحه150' رقم الحديث: 958 . الأدب لابن أبى شيبة جلد 1صفحه234' رقم الحديث: 209 . مصنف ابن أبى شيبة جلد 5 صفحه 319' رقم الحديث: 26489 . مسند أحمد جلد 3صفحه443' رقم

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

مَرْوَانَ الدَّهَّانُ الْبَغْدَادِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ. حَدَّثَنَا وُهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ اَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ اُمِّهِ اُمِّ كُلْثُومٍ بِنْتِ عُقْبَةَ بْنِ اَبِي مُعَيْطٍ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَيْسَ بِكَذَّابٍ مَنْ اَصْلَحَ بَيْنَ النَّاسِ، فَقَالَ خَيْرًا اَوْ نَمَى خَيْرًا

حضرت اُم کلثوم بنت عقبہ بن ابی معیط رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سنا: وہ شخص جھوٹا نہیں جو لوگوں کے درمیان صلح کرائے (یعنی دورانِ صلح جھوٹ بولے) پس بھلی بات کرے یا آگے بات بتائے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اَيُّوبَ اِلَّا وُهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ

ایوب سے اس حدیث کو وہیب بن خالد کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔

675 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول

الحدیث: 1982 . سنن الدارمی جلد 3صفحہ1733' رقم الحدیث: 2691 . السنن الکبری للنسائی جلد8صفحہ297' رقم الحدیث: 9207 . مسند ابی یعلٰی الموصلی جلد 4 صفحہ323' رقم الحدیث: 2433 . الکنٰی والأسماء للدولابی جلد 1صفحہ321' رقم الحدیث: 571 . صحیح ابن حبان جلد 13صفحہ61' رقم الحدیث: 5750 . المعجم الأوسط جلد 2صفحہ117' رقم الحدیث: 1435 . المعجم الکبیر للطبرانی جلد 11 صفحہ405' رقم الحدیث:12148 . الآداب للبیہقی جلد1صفحہ242' رقم الحدیث: 591 . السنن الکبری للبیہقی جلد 8صفحہ391' رقم الحدیث: 16985 . شعب الایمان جلد 10صفحہ222' رقم الحدیث: 7412 . مسند سعد بن أبی وقاص جلد 1صفحہ80' رقم الحدیث:36 .

675- مسند اسحاق بن راهویه جلد 3صفحہ679' رقم الحدیث:1272 . مسند أحمد جلد 41صفحہ490' رقم الحدیث: 25040 . تخریج الأحادیث المرفوعة جلد 1صفحہ453' رقم الحدیث: 132 . المعجم الأوسط جلد 2صفحہ9' رقم الحدیث: 1057 . الآداب للبیہقی جلد 1صفحہ160' رقم الحدیث: 387 . السنن الکبری للبیہقی جلد 9صفحہ521' رقم الحدیث: 19331 . طبقات المحدثین بأصبهان جلد2صفحہ174 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

الْمَنْجَنِيقِيُّ الْبَغْدَادِيُّ، بِمِصْرَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي رُومَانَ الْإِسْكَنْدَرَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: دَعْ مَا يَرِيبُكَ اِلَى مَالَا يَرِيبُكَ

اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس چیز کو چھوڑ دے جو تجھے شک میں ڈالے (اور) اس چیز کی طرف (آ) جو تجھے شک میں نہ ڈالے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مَالِكٍ اِلَّا ابْنُ وَهْبٍ تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رُومَانَ

حضرت مالک سے اس حدیث کو ابن وہب کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا' عبداللہ بن رومان اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

676 - حَدَّثَنَا اَزْهَرُ بْنُ زُفَرَ الْمِصْرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو اَسْلَمَ مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ الرُّعَيْنِيُّ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ اَبِي كَرِيمَةَ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ قَزَعَةَ بْنِ يَحْيَى، عَنْ حَبِيبِ بْنِ مَسْلَمَةَ الْفِهْرِيِّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: زُرْ غِبًّا تَزْدَدْ حُبًّا

حضرت حبیب بن مسلمہ الفہری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کبھی کبھار ملاقات کیا کرو' محبت میں اضافہ ہوگا۔

لَا يُرْوَى عَنْ حَبِيبِ بْنِ مَسْلَمَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ تَفَرَّدَ بِهِ اَزْهَرُ

حبیب بن مسلمہ سے اس حدیث کو اس اسناد کے علاوہ روایت نہیں کیا گیا۔ ازھر اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

فائدہ: بار بار ملاقات سے ادب واحترام ملحوظ نہیں رہتا جس کے باعث محبت کا دائرہ تنگ ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ کبھی کبھار ملاقات سے محبت میں اضافہ ہوتا ہے۔

676- صحیح البخاری جلد 3صفحہ57' رقم الحدیث: 2073 . مسند احمد جلد 13صفحہ497' رقم الحدیث: 8160 . صحیح ابن حبان جلد14صفحہ117' رقم الحدیث:6225 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

677 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اللَّيْثِ الزِّيَادِيُّ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا غَسَّانُ بْنُ مَالِكٍ السُّلَمِيُّ، حَدَّثَنَا سَلَّامٌ اَبُو الْمُنْذِرِ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْخَذْفِ

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ يُونُسَ اِلَّا سَلَّامٌ

حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کنکریاں پھینکنے سے منع فرمایا ہے۔

اس حدیث کو یونس سے سلام کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔

678 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُنَيْدِ بْنِ دَاوُدَ الْمِصِّيصِيُّ، حَدَّثَنَا اَبِي، حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: قَالَتْ اُمُّ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوُدَ لِسُلَيْمَانَ عَلَيْهِ السَّلَامُ: يَا سُلَيْمَانُ لَا تُكْثِرِ النَّوْمَ بِاللَّيْلِ، فَاِنَّ كَثْرَةَ النَّوْمِ بِاللَّيْلِ تَتْرُكُ الْعَبْدَ فَقِيرًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت جابر بن عبداللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حضرت سلیمان بن داؤد علیہما السلام کی والدہ نے فرمایا: اے سلیمان! رات کو زیادہ نہ سویا کر کیونکہ رات کو زیادہ سونا بندے کو قیامت کے دن فقیر بنا دے گا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ اِلَّا ابْنُهُ يُوسُفُ تَفَرَّدَ بِهِ سُنَيْدٌ

محمد بن منکدر سے اس حدیث کو ان کے بیٹے یوسف کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ سنید اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

فائدہ: شب بھر سو کر گزارنا انسانی تخلیق کے مقصد کو فوت کر دیتا ہے۔ رات کو کچھ حصہ مطالعۂ کتب میں، کچھ عبادت و ریاضت میں اور کچھ حصہ راحت و آرام میں گزارنا چاہیے۔

677- مسند الرویانی جلد2صفحہ427، رقم الحدیث: 1449 ۔ الضعفاء الکبیر للعقیلی جلد2صفحہ108 ۔ تاریخ أصبهان جلد2صفحہ276 ۔

678- شرح مشکل الآثار جلد 4صفحہ277، رقم الحدیث: 1598 ۔ المعجم الأوسط جلد 4صفحہ31، رقم الحدیث:3534 ۔ دلائل النبوة للبیهقی جلد6صفحہ304 ۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

679 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ يَاسِرِ الْبَغْدَادِيُّ، خَالُ اَبِی الْاَذَانِ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ الْاَزْهَرِ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ يُوسُفَ الْاَزْرَقُ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَمِعَ اسْمًا قَبِيحًا غَيَّرَهُ، فَمَرَّ عَلَى قَرْيَةٍ يُقَالُ لَهَا عُفْرَةُ، فَسَمَّاهَا خَضِرَةً

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب کوئی بُرا نام سماعت فرماتے تو اسے بدل دیتے' آپ ایک بستی پر سے گزرے جس کو عفرہ کہا جاتا تھا تو آپ نے اس کا نام خضرہ رکھ دیا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ شَرِيكٍ اِلَّا اِسْحَاقُ

شریک سے اس حدیث کو اسحاق کے سوا کسی نے

679- صحیح البخاری جلد7صفحه159' رقم الحدیث: 5885 . سنن أبی داؤد جلد 4صفحه78' رقم الحدیث: 4170 . سنن الترمذی جلد 5صفحه105' رقم الحدیث: 2784 . سنن ابن ماجه جلد 1صفحه614' رقم الحدیث: 1904 . جامع معمر بن راشد جلد 11صفحه242' رقم الحدیث: 20433 . مسند أبی داؤد الطیالسی جلد 4صفحه400' رقم الحدیث: 2801 . مسند ابن الجعد جلد 1صفحه150' رقم الحدیث: 958 . الأدب لابن أبی شیبة جلد 1صفحه234' رقم الحدیث: 209 . مصنف ابن أبی شیبة جلد 5 صفحه 319' رقم الحدیث: 26489 . مسند أحمد جلد 3صفحه443' رقم الحدیث: 1982 . سنن الدارمی جلد 3صفحه1733' رقم الحدیث: 2691 . السنن الکبری للنسائی جلد8صفحه297' رقم الحدیث: 9207 . مسند أبی یعلٰی الموصلی جلد 4 صفحه 323' رقم الحدیث: 2433 . الکنٰی والأسماء للدولابی جلد 1صفحه321' رقم الحدیث: 571 . صحیح ابن حبان جلد 13صفحه61' رقم الحدیث: 5750 . المعجم الأوسط جلد 2صفحه117' رقم الحدیث: 1435 . المعجم الکبیر للطبرانی جلد11 صفحه405' رقم الحدیث: 12148 . الآداب للبیهقی جلد1صفحه242' رقم الحدیث: 591 . السنن الکبری للبیهقی جلد 8صفحه391' رقم الحدیث: 16985 . شعب الایمان جلد10صفحه222' رقم الحدیث: 7412 . مسند سعد بن أبی وقاص جلد 1صفحه80' رقم الحدیث:36 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

روایت نہیں کیا۔

فائدہ: اسی طرح ایک عورت کا نام عاصیہ (نافرمان) تھا تو اس کا نام تبدیل کر کے جمیلہ (خوبصورت) رکھ دیا تھا۔

680 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ النَّحَّاسُ الْكُوفِيُّ، حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوبَ الْاَسَدِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيُّ مَوْلَى سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ جَارِيَةَ بْنِ يَزِيدَ بْنِ جَارِيَةَ الْاَنْصَارِيِّ الْاَنْمَاطِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ اِذَا لَمْ يَحْفَظِ اسْمَ الرَّجُلِ قَالَ: يَا ابْنَ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت جاریہ بن یزید بن جاریہ انصاری انماطی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں موجود تھا اور آپ کو جب کسی آدمی کا نام یاد نہ رہتا تو آپ فرماتے: اے ابن عبداللہ!

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ سَلَمَةَ اِلَّا اَبُو اَيُّوبَ الْاَنْمَاطِيُّ تَفَرَّدَ بِهِ عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوبَ

سلمہ سے اس حدیث کو ابوایوب انماطی کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ عباد بن یعقوب اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

681 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ فِيلٍ (فَيْدٍ) الْاَنْطَاكِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَمْرٍو

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آزاد عورت کو کانوں کی لَو سے نیچے

680- مسند اسحاق بن راهويه جلد 3صفحه679' رقم الحديث: 1272 . مسند أحمد جلد 41صفحه490' رقم الحديث: 25040 . تخريج الأحاديث المرفوعة جلد 1صفحه453' رقم الحديث: 132 . المعجم الأوسط جلد 2صفحه9' رقم الحديث: 1057 . الآداب للبيهقی جلد 1صفحه160' رقم الحديث: 387 . السنن الكبرى للبيهقی جلد9صفحه521' رقم الحديث: 19331 .

681- صحيح البخاری جلد3صفحه57' رقم الحديث: 2073 . مسند أحمد جلد 13صفحه497' رقم الحديث: 8160 . صحيح ابن حبان جلد14صفحه117' رقم الحديث: 6225 . الأسماء والصفات للبيهقی جلد 2 صفحه 28' رقم الحديث: 599 . السنن الكبرى للبيهقی جلد 6صفحه210' رقم الحديث: 11692 . صحيفة همام بن منبه جلد 1صفحه40' رقم الحديث: 47 . تاريخ أصبهان جلد2صفحه126 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

السَّكُونِيُّ الْحِمْصِيُّ، حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْجُمَّةِ لِلْحُرَّةِ وَالْعَقِيصَةِ لِلْاَمَةِ

تک بال رکھنے اور لونڈی کو جوڑا بنانے سے منع فرمایا ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا ابْنُ جُرَيْجٍ تَفَرَّدَ بِهِ مُعْتَمِرٌ، وَلَا رَوَى عَنِ مُعْتَمِرٍ اِلَّا بَقِيَّةُ

زہری سے اس حدیث کو ابن جریج کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ معتمر اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے اور نہ ہی معتمر سے بقیہ کے سوا کسی نے اس حدیث کو روایت کیا۔

682 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ نَصْرٍ الطُّوسِيُّ بِاَصْبَهَانَ، حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ جَبَلَةَ بْنِ اَبِي رَوَّادٍ، حَدَّثَنِي اَبِي وَعَمِّي، عَنْ اَبِيهِمَا، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ بَكْرِ بْنِ وَائِلٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَتَى اَحَدُكُمُ الْمَجْلِسَ فَلْيُسَلِّمْ، فَاِذَا قَامَ فَلْيُسَلِّمْ، فَلَيْسَتِ الْاُولَى بِاَحَقَّ مِنَ الثَّانِيَةِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم میں سے کوئی ایک مجلس میں آئے تو اسے چاہیے کہ سلام کرے اور جب مجلس سے اُٹھے تو بھی سلام کرے' دوسرا پہلے سے زیادہ جواب کا حقدار نہیں۔

لَا يُرْوَى عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ تَفَرَّدَ بِهِ خَلَفٌ

شعبہ سے اس حدیث کو اس اسناد کے علاوہ روایت نہیں کیا گیا' خلف اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

683 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْمُثَنَّى بْنِ مُعَاذٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

682- شرح مشكل الآثار جلد 4صفحه277' رقم الحديث: 1598 . المعجم الأوسط جلد 4صفحه31' رقم الحديث:3534 . دلائل النبوة للبيهقى جلد6صفحه304 .

683- صحيح البخارى جلد7صفحه159' رقم الحديث: 5885 . سنن أبى داؤد جلد 4صفحه78' رقم

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

الْعَنْبَرِیُّ، حَدَّثَنَا اَبُو حُذَیْفَةَ، حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ سُئِلَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: مَا حَقُّ الْاِبِلِ؟ فَقَالَ: اَنْ تَنْحَرَ سَمِینَهَا، وَتُطْرِقَ فَحْلَهَا وَتَحْلُبَهَا یَوْمَ وِرْدِهَا

سے سوال کیا گیا کہ اونٹ کا حق کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تُو اس کے موٹے تازے کو ذبح کر اور اس کے نر کو جفتی کے لیے چھوڑ اور پانی کے گھاٹ پر آنے پر دن کے وقت اس کا دودھ دوھ لے۔

لَمْ یَرْوِهِ عَنْ سُفْیَانَ اِلَّا اَبُو حُذَیْفَةَ الْاَشْجَعِیُّ

سفیان سے اس حدیث کو ابوحذیفہ اشجعی کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔

684 - حَدَّثَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' زوجۂ نبی اکرم ﷺ

الحدیث: 4170 . سنن الترمذی جلد 5صفحه105' رقم الحدیث: 2784 . سنن ابن ماجه جلد 1صفحه614' رقم الحدیث: 1904 . جامع معمر بن راشد جلد 11صفحه242' رقم الحدیث: 20433 . مسند أبی داؤد الطیالسی جلد 4صفحه400' رقم الحدیث: 2801 . مسند ابن الجعد جلد 1صفحه150' رقم الحدیث: 958 . الأدب لابن أبی شیبة جلد 1صفحه234' رقم الحدیث: 209 . مصنف ابن أبی شیبة جلد 5 صفحه 319' رقم الحدیث: 26489 . مسنه أحمد جلد 3صفحه443' رقم الحدیث: 1982 . سنن الدارمی جلد 3صفحه1733' رقم الحدیث: 2691 . السنن الکبری للنسائی جلد8صفحه297' رقم الحدیث: 9207 . مسند أبی یعلٰی الموصلی جلد4 صفحه323' رقم الحدیث: 2433 . الکنٰی والأسماء للدولابی جلد 1صفحه321' رقم الحدیث: 571 . صحیح ابن حبان جلد 13صفحه61' رقم الحدیث: 5750 . المعجم الأوسط جلد 2صفحه117' رقم الحدیث: 1435 . المعجم الکبیر للطبرانی جلد 11 صفحه405' رقم الحدیث: 12148 . الآداب للبیهقی جلد1صفحه242' رقم الحدیث: 591 . السنن الکبری للبیهقی جلد 8صفحه391' رقم الحدیث: 16985 . شعب الایمان جلد 10صفحه222' رقم الحدیث: 7412 . مسند سعد بن أبی وقاص جلد 1صفحه80' رقم الحدیث: 36 .

684- مسند اسحاق بن راهویه جلد 3صفحه679' رقم الحدیث: 1272 . مسند أحمد جلد 41صفحه490' رقم الحدیث: 25040 . تخریج الأحادیث المرفوعة جلد 1صفحه453' رقم الحدیث: 132 . المعجم الأوسط جلد 2صفحه9' رقم الحدیث: 1057 . الآداب للبیهقی جلد 1صفحه160' رقم الحدیث: 387 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

الْخُرْقِي الْبَغْدَادِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مِرْدَاسٍ الْاَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْوَانَ الْعَقِيلِيُّ، حَدَّثَنَا عُمَارَةُ بْنُ اَبِي حَفْصَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ مَيْمُونَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ: اَصْبَحَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ خَائِرُ النَّفْسِ، وَاَمْسَى وَهُوَ كَذَلِكَ، وَاَصْبَحَ وَهُوَ كَذَلِكَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَالِي اَرَاكَ خَائِرًا؟ فَقَالَ: اِنَّ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَعَدَنِي اَنْ يَاْتِيَنِي وَمَا اَخْلَفَنِي قَطُّ، فَنَظَرُوا فَاِذَا جِرْوُ كَلْبٍ تَحْتَ نَضَدٍ لَهُمْ، فَاَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ بِذَلِكَ الْجَرْوِ، فَاُخْرِجَ وَاَمَرَ بِذَلِكَ الْمَكَانَ فَغُسِلَ بِالْمَاءِ، فَجَاءَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَقَالَ: اِنَّكَ وَعَدْتَنِي اَنْ تَاْتِيَنِي، وَمَا اَخْلَفْتَنِي قَطُّ قَالَ: اَمَا عَلِمْتَ اَنَّا لَا نَدْخُلُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ، وَلَا صُورَةٌ؟

حضرت میمونہ بنت الحارث رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس حال میں صبح کی کہ آپ کی طبیعت سخت بوجھل تھی اور شام کو بھی اسی طرح طبیعت رہی' میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں آپ کو بوجھل طبیعت دیکھ رہی ہوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک جبریل علیہ السلام نے مجھ سے میرے پاس آنے کا وعدہ کیا اور انہوں نے مجھ سے کبھی بھی وعدہ خلافی نہیں کی۔ سوانہوں نے دیکھا تو ان کی چارپائی کے نیچے کتے کا چھوٹا سا بچہ ہے' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کتے کے پلے کو نکالنے کا حکم فرمایا تو اس کو نکال دیا گیا اور آپ نے حکم دیا تو اس جگہ کو پانی سے دھویا گیا۔ پھر جبریل علیہ السلام تشریف لائے تو آپ نے فرمایا: تم نے مجھ سے میرے پاس آنے کا وعدہ کیا تھا اور تم نے کبھی بھی مجھ سے وعدہ خلافی نہیں کی؟ انہوں (حضرت جبریل علیہ السلام) نے عرض کیا: کیا آپ کو معلوم نہیں کہ ہم اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں کتا اور تصویر ہو۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عُمَارَةَ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْوَانَ الانْصَارِيُّ، وَلَا رَوَاهُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ اِلَّا عُمَارَةُ، وَرَوَاهُ سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ وَيُونُسُ بْنُ يَزِيدَ وَغَيْرُهُمَا مِنْ اَصْحَابِ الزُّهْرِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ السَّبَّاقِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ مَيْمُونَةَ

اس حدیث کو عمارہ سے محمد بن مروان کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا اور نہ ہی اس حدیث کو از زہری از عبیداللہ' عمارہ کے سوا کسی نے روایت کیا اور اس حدیث کو سفیان بن عیینہ نے اور یونس بن یزید وغیرہما نے زہری کے اصحاب سے روایت کیا از زہری از عبیداللہ بن سباق از

السنن الکبری للبیهقی جلد 9صفحه521' رقم الحدیث: 19331 . طبقات المحدثین بأصبهان جلد2صفحه174 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہَا

حضرت ابن عباس از حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا۔

فائدہ : جس گھر میں کتا اور تصویر ہو تو ان کی نحوست کی وجہ سے اس گھر میں رحمت کا فرشتہ نہیں آتا ہے۔ ہمارے آج کے معاشرے میں کوئی گھر ان دونوں ناسور سے پاک نہیں ہے۔ الا ماشاء اللہ!

685 - حَدَّثَنَا حَاجِبُ بْنُ اَرْكِينَ الْفَرْغَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمُفَضَّلِ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَيْمَنَ بْنِ خُرَيْمِ بْنِ فَاتِكٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: نِعْمَ الْفَتَى خُرَيْمٌ، لَوْ قَصَّرَ مِنْ شَعَرِهِ، وَرَفَعَ مِنْ اِزَارِهِ، فَقَالَ ابْنُ خُرَيْمٍ: لَا يُجَاوِزُ شَعْرَيْ اُذُنِي، وَلَا اِزَارَيْ عَقِبِي

حضرت ایمن بن خریم بن فاتک اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: خریم بہترین آدمی ہے' اگر یہ اپنے بال چھوٹے کرالے اور اپنی ازار کو اوپر اُٹھالے۔ حضرت ابن خریم کہتے ہیں: (اسی وجہ سے) میرے بال میرے کانوں سے آگے نہیں بڑھتے اور نہ میری ازار میری ایڑیوں سے نیچے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ اِلَّا الْمَسْعُودِيُّ تَفَرَّدَ بِهِ يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ

اس حدیث کو عبدالملک سے مسعودی کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا' یونس بن بکیر اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

686 - حَدَّثَنَا حَمَلَةُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْغَزِّيُّ، بِمَدِينَةِ غَزَّةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو الْغَزِّيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَوْفٍ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنِ

حضرت سلیمان فارسی رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: تم اپنے آپ کو زمین پر مَس کرو کیونکہ یہ تمہارے لیے نیک ہے (مراد تیمم کرنا ہے)۔

685- صحیح البخاری جلد 3صفحہ57' رقم الحدیث: 2073 . مسند أحمد جلد 13صفحہ497' رقم الحدیث: 8160 . صحیح ابن حبان جلد 14صفحہ117' رقم الحدیث: 6225 . الأسماء والصفات للبیهقی جلد 2 صفحہ28' رقم الحدیث: 599 . السنن الکبری للبیهقی جلد6صفحہ210' رقم الحدیث: 11692 .

686- شرح مشکل الآثار جلد 4صفحہ277' رقم الحدیث: 1598 . المعجم الأوسط جلد 4صفحہ31' رقم الحدیث: 3534 . دلائل النبوة للبیهقی جلد6صفحہ304 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَمَسَّحُوا بِالْاَرْضِ؛ فَاِنَّهَا بِكُمْ بَرَّةٌ

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا الْفِرْيَابِيُّ

سفیان سے اس حدیث کو فریابی کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔

687 - حَدَّثَنَا حَمْزَةُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ الْحَكَمِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ الْحَكَمِ بْنِ الْحَجَّاجِ بْنِ يُوسُفَ الثَّقَفِيُّ الْمُؤَدِّبُ بِالْاُبُلَّةِ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَالِكِ بْنِ عِيسَى، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْاَشْعَثِ الْحُدَّانِيُّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنِ

حضرت علی اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وعدہ کرنا قرض (کی طرح) ہے۔

687- صحیح البخاری جلد7صفحہ159' رقم الحدیث: 5885 . سنن أبی داؤد جلد 4صفحہ78' رقم الحدیث: 4170 . سنن الترمذی جلد 5صفحہ105' رقم الحدیث: 2784 . سنن ابن ماجہ جلد 1صفحہ614' رقم الحدیث: 1904 . جامع معمر بن راشد جلد 11صفحہ242' رقم الحدیث: 20433 . مسند أبی داؤد الطیالسی جلد 4صفحہ400' رقم الحدیث: 2801 . مسند ابن الجعد جلد 1صفحہ150' رقم الحدیث: 958 . الأدب لابن أبی شیبة جلد 1صفحہ234' رقم الحدیث: 209 . مصنف ابن أبی شیبة جلد 5 صفحہ 319' رقم الحدیث: 26489 . مسند أحمد جلد 3صفحہ443' رقم الحدیث: 1982 . سنن الدارمی جلد 3صفحہ1733' رقم الحدیث: 2691 . السنن الکبریٰ للنسائی جلد8صفحہ297' رقم الحدیث: 9207 . مسند أبی یعلٰی الموصلی جلد 4 صفحہ 323' رقم الحدیث: 2433 . الکنٰی والأسماء للدولابی جلد 1صفحہ321' رقم الحدیث: 571 . صحیح ابن حبان جلد 13صفحہ61' رقم الحدیث: 5750 . المعجم الأوسط جلد 2صفحہ117' رقم الحدیث: 1435 . المعجم الکبیر للطبرانی جلد 11 صفحہ405' رقم الحدیث: 12148 . الآداب للبیهقی جلد 1صفحہ242' رقم الحدیث: 591 . السنن الکبریٰ للبیهقی جلد 8صفحہ391' رقم الحدیث: 16985 . شعب الایمان جلد10صفحہ222' رقم الحدیث: 7412 . مسند سعد بن أبی وقاص جلد 1صفحہ80' رقم الحدیث:36 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

الْاَسْوَدِ، وَعَلْقَمَةَ، عَنْ عَلِيٍّ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْعِدَّةُ دَيْنٌ

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحُدَّانِيُّ

اعمش سے اس حدیث کو عبداللہ بن محمد الحدانی کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔

688 - حَدَّثَنَا اَبُو عِيسَى خَالِدُ بْنُ غَسَّانَ بْنِ مَالِكٍ السُّلَمِيُّ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبِي، حَدَّثَنَا سَلَّامُ اَبُو الْمُنْذِرِ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْخَذْفِ وَقَالَ: اِنَّهُ لَا يُصَادُ بِهَا صَيْدٌ، وَلَا يَنْكَأُ بِهَا عَدُوًّا، وَلٰكِنَّهَا تَفْقَأُ الْعَيْنَ وَتَكْسِرُ السِّنَّ

حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کنکریاں پھینکنے سے منع فرمایا ہے اور فرمایا کہ اس سے شکار نہیں کیا جا سکتا اور نہ دشمن کو زخمی کیا جا سکتا ہے لیکن یہ آنکھ پھوڑتی ہے اور دانت توڑتی ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ يُونُسَ اِلَّا سَلَّامُ اَبُو الْمُنْذِرِ

یونس سے اس حدیث کو سلام ابوالمنذر کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔

689 - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَالِحٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم میں سے ہر ایک نگران

688- مسند اسحاق بن راهويه جلد 3صفحه679' رقم الحديث: 1272 . مسند أحمد جلد 41صفحه490' رقم الحديث: 25040 . تخريج الأحاديث المرفوعة جلد 1صفحه453' رقم الحديث: 132 . المعجم الأوسط جلد2صفحه9' رقم الحديث: 1057 . الآداب للبيهقي جلد1صفحه160' رقم الحديث: 387 . السنن الكبرى للبيهقي جلد 9صفحه521' رقم الحديث: 19331 . طبقات المحدثين بأصبهان جلد2صفحه174 .

689- صحيح البخاری جلد3صفحه57' رقم الحديث: 2073 . مسند أحمد جلد 13صفحه497' رقم الحديث: 8160 . صحيح ابن حبان جلد14صفحه117' رقم الحديث: 6225 . الأسماء والصفات للبيهقي جلد 2 صفحه 28' رقم الحديث: 599 . السنن الكبرى للبيهقي جلد 6صفحه210' رقم

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اَبُو الْفَوَارِسِ الْمَرْوَزِیُّ، بِمِصْرَ، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى الْجَزَّارُ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبَّادٍ اَبُو مُحَمَّدٍ الرُّمَّانِیُّ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ اَبِی عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: كُلُّكُمْ رَاعٍ، وَكُلُّكُمْ مَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ، فَالْاَمِيرُ رَاعٍ عَلَى النَّاسِ وَمَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ، وَالرَّجُلُ رَاعٍ عَلَى اَهْلِهِ وَمَسْئُولٌ عَنْ زَوْجَتِهِ وَمَا مَلَكَتْ يَمِينُهُ، وَالْمَرْاَةُ رَاعِيَةٌ لِحَقِّ زَوْجِهَا وَمَسْئُولَةٌ عَنْ بَيْتِهَا وَوَلَدِهَا، وَالْمَمْلُوكُ رَاعٍ عَلَى مَوْلَاهُ وَمَسْئُولٌ عَنْ مَالِهِ، فَكُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ؛ فَاَعِدُّوا لِلْمَسَائِلِ جَوَابًا ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَمَا جَوَابُهَا؟ قَالَ: اَعْمَالُ الْبِرِّ

ہے اور ہر ایک سے اس کی رعیت کے متعلق سوال ہو گا' بادشاہ لوگوں پر نگران ہے' اس سے اس کی رعیت کے متعلق سوال ہو گا اور آدمی اپنے اہل پر نگران ہے' اس سے اس کی اہلیہ اور ماتحتوں کے بارے سوال ہو گا اور عورت اپنے خاوند کے حق کی نگران ہے' اس سے اس کے گھر کے اور اولاد کے بارے میں سوال ہو گا اور غلام اپنے مولیٰ پر نگران ہے' اس سے اس کے مال کے بارے میں سوال ہو گا' تم میں سے ہر ایک نگران ہے اور تم میں سے ہر ایک کی رعیت کے متعلق اس سے سوال ہو گا' پس تم سوالوں کے جواب تیار کر رکھو۔ صحابہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! اس کا جواب کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: نیک اعمال۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ قَتَادَةَ بِهَذَا التَّمَامِ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ اَبِی عَرُوبَةَ، وَلَا عَنْ سَعِيدٍ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبَّادٍ تَفَرَّدَ بِهِ زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى

اس حدیث کو اس طرح مکمل قتادہ سے سعید بن عروبہ کے سوا اور نہ ہی سعید سے اسماعیل بن عباد کے سوا کسی نے روایت کیا۔ زکریا بن یحییٰ اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

690 - حَدَّثَنَا ذَاكِرُ بْنُ شَيْبَةَ الْعَسْقَلَانِیُّ،

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ

الحديث: 11692 . صحيفة همام بن منبه جلد 1صفحه40' رقم الحديث: 47 . تاريخ أصبهان جلد2صفحه126 .

690- مسند الرويانی جلد2صفحه427' رقم الحديث: 1449 . مسند الشاميين للطبرانی جلد 1صفحه228' رقم الحديث: 408 . معجم ابن المقرئ جلد 1صفحه95' رقم الحديث: 218 . مسند الشهاب القضاعی جلد1 صفحه412' رقم الحديث: 708 . شعب الايمان جلد 9صفحه34' رقم الحديث: 6228 . الضعفاء

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

بِقَرْيَةِ عَجْشَرَ، حَدَّثَنَا اَبُو عِصَامٍ رَوَّادُ بْنُ الْجَرَّاحِ، عَنْ اَبِی الزُّعَيْزَعَةِ، وَسَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ كَثِيرًا مَا يَقُولُ لِی: يَا عَائِشَةُ، مَا فَعَلَتْ اَبْيَاتُكِ؟، فَاَقُولُ: وَاَیُّ اَبْيَاتِی تُرِيدُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؛ فَاِنَّهَا كَثِيرَةٌ؟ فَيَقُولُ: فِی الشُّكْرِ، فَاَقُولُ: نَعَمْ بِاَبِی وَاُمِّی قَالَ الشَّاعِرُ: اِدْفَعْ ضَعِيفَكَ لَا يَحُرْ بِكَ ضَعْفُهُ ... يَوْمًا فَتُدْرِكَهُ الْعَوَاقِبُ قَدْ نَمَا يُجْزِيكَ اَوْ يُثْنِی عَلَيْكَ وَاِنَّ مَنْ ...اَثْنَی عَلَيْكَ بِمَا فَعَلْتَ كَمَنْ جَزَی اِنَّ الْكَرِيمَ اِذَا اَرَدْتَ وِصَالَهُ ...لَمْ تَلْفَ رَثًّا حَبْلَهُ وَاهِی الْقُوَی . قَالَتْ: فَيَقُولُ: يَا عَائِشَةُ اِذَا حَشَرَ اللّٰهُ الْخَلَائِقَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَالَ: لِعَبْدٍ مِنْ عِبَادِهِ اصْطَنَعَ اِلَيْهِ عَبْدٌ مِنْ عِبَادِهِ مَعْرُوفًا هَلْ شَكَرْتَهُ؟ فَيَقُولُ: اَیْ رَبِّ، عَلِمْتُ اَنَّ ذَلِكَ مِنْكَ فَشَكَرْتُكَ عَلَيْهِ، فَيَقُولُ: لَمْ تَشْكُرْنِی اِذَا لَمْ تَشْكُرْ مَنْ اَجْرَيْتُ ذَلِكَ عَلَی يَدَيْهِ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اکثر مجھ سے فرمایا کرتے تھے: اے عائشہ! تیرے شعروں نے کیا کیا؟ تو میں عرض کرتی: یارسول اللہ! میرے شعروں سے آپ کی کیا مراد ہے' وہ تو بہت زیادہ ہیں۔ آپ فرماتے: شکر کے متعلق' میں عرض کرتی: میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں! شاعر نے کہا: ''اپنے ضعیف کو دور کر دے کہ تجھے اس کی ضعیفی ایک دن پریشان نہ کرے تو تیرے لیے اس کے اچھے انجام بڑھنے لگیں گے' وہ تجھ کو جزاء دے گا یا تیری تعریف کرے گا اور بلاشبہ جس نے تیری تعریف کی اس کے بدلے جو تو نے کیا تو یہ بھی بدلہ دینے کی طرح ہے' بے شک کریم انسان سے جب تُو اچھے طریقے سے ملے گا تو اس کے ڈول کی رسّی کمزور نہیں ہوگی' وہ اور زیادہ مضبوط ہوگی''۔ فرماتی ہیں کہ پس آپ فرماتے: اے عائشہ! جب اللہ تعالیٰ محشر کے دن مخلوق کو اکٹھا کرے گا تو اپنے بندوں میں سے ایک بندے سے فرمائے گا جس کے ساتھ بندوں میں سے کسی نے نیکی ہوگی: کیا تو نے اس کا شکریہ ادا کیا؟ تو وہ بندہ عرض کرے گا: اے میرے رب! میں نے یہ جان کر کہ یہ تیری طرف سے ہے' میں نے اس پر تیرا شکر ادا کیا تھا۔ ربِ تعالیٰ فرمائے گا: تُو نے میرا شکر ادا نہیں کیا' جب تُو نے اس شخص کا شکریہ ادا نہیں کیا جس کے ہاتھوں میں نے تجھ پر اپنا احسان جاری کیا تھا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ اِلَّا رَوَّادُ بْنُ

سعید بن عبدالعزیز سے اس حدیث کو رواد بن جراح

الکبیر للعقیلی جلد2صفحہ108 . تاریخ اصبهان جلد2صفحہ276 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

الْجَرَّاحِ

کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔

691 - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی رَجَاءٍ الصَّفَّارُ الْاَنْبَارِیُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْحَذَّاءُ الرَّمْلِیُّ، حَدَّثَنَا اَيُّوبُ بْنُ سُوَيْدٍ، عَنِ ابْنِ شَوْذَبٍ، عَنْ اَبِی التَّيَّاحِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: اَدِّ الْاَمَانَةَ اِلَى مَنِ ائْتَمَنَكَ، وَلَا تَخُنْ مَنْ خَانَكَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص تجھے امین خیال کرے اسے اس کی امانت ادا کر اور تُو اس کے ساتھ خیانت نہ کر جو تجھ سے خیانت کرے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اَبِی التَّيَّاحِ يَزِيدُ بْنُ حُمَيْدٍ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَوْذَبٍ تَفَرَّدَ بِهِ اَيُّوبُ، وَلَا يُرْوَى عَنْ اَنَسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

ابن ابی تیاح یزید بن حمید سے اس حدیث کو عبداللہ بن شوذب کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا' ایوب اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے اور نہ ہی حضرت انس رضی اللہ عنہ سے اس اسناد کے علاوہ یہ حدیث روایت کی گئی ہے۔

692 - حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ حَمْزَةَ الْمُقْرِءُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب نبی

691- شرح مشكل الآثار جلد 4صفحه277' رقم الحديث: 1598 . المعجم الأوسط جلد 4صفحه31' رقم الحديث:3534 . دلائل النبوة للبيهقی جلد6صفحه304 .

692- صحيح البخاری جلد7صفحه159' رقم الحديث: 5885 . سنن أبی داؤد جلد 4صفحه78' رقم الحديث: 4170 . سنن الترمذی جلد 5صفحه105' رقم الحديث: 2784 . سنن ابن ماجه جلد 1صفحه614' رقم الحديث: 1904 . جامع معمر بن راشد جلد 11صفحه242' رقم الحديث:20433 . مسند أبی داؤد الطيالسی جلد 4صفحه400' رقم الحديث: 2801 . مسند ابن الجعد جلد 1صفحه150' رقم الحديث: 958 . الأدب لابن أبی شيبة جلد 1صفحه234' رقم الحديث: 209 . مصنف ابن أبی شيبة جلد 5 صفحه 319' رقم الحديث: 26489 . مسند أحمد جلد 3صفحه443' رقم الحديث: 1982 . سنن الدارمی جلد 3صفحه1733' رقم الحديث: 2691 . السنن الكبرىٰ للنسائی جلد8صفحه297' رقم الحديث: 9207 . مسند أبی يعلىٰ الموصلی جلد 4 صفحه 323' رقم

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

الْبَغْدَادِیُّ، حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِی شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنِ الْاَجْلَحِ، عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: لَمَّا قَدِمَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ اُتِیَ بِاَبِی قُحَافَةَ وَرَاْسُهُ وَلِحْيَتُهُ كَاَنَّهَا ثَغَامَةٌ، فَقَالَ: غَيِّرُوا الشَّيْبَ وَاجْتَنِبُوا السَّوَادَ

اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ مکرمہ تشریف لائے تو حضرت ابوقحافہ کو آپ کی بارگاہ میں لایا گیا اور ان کا سر اور ان کی ڈاڑھی گویا کہ ثغامہ (ایک قسم کی گھاس ہے) کی طرح تھی' تو آپ نے فرمایا: بڑھاپے کو بدل دو اور کالے رنگ سے پرہیز کرنا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ الْاَجْلَحِ اِلَّا شَرِيكٌ تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِی شَيْبَةَ

اس حدیث کو اجلح سے شریک کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ ابوبکر بن ابوشیبہ اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

693 - حَدَّثَنَا السَّرِیُّ بْنُ سَهْلٍ الْجُنْدِيسَابُورِیُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رُشَيْدٍ، حَدَّثَنَا مُجَّاعَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَبْدِ الْغَافِرِ، عَنْ اَبِی عُبَيْدَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ

حضرت ابوعبیدہ بن عبداللہ بن مسعود اپنے والد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ سے یوں حیاء کرو جس طرح حیاء کرنے کا حق ہے۔ صحابہ نے عرض کیا: یارسول

الحديث: 2433 . الكنى والأسماء للدولابى جلد 1صفحه321' رقم الحديث: 571 . صحيح ابن حبان جلد 13صفحه61' رقم الحديث: 5750 . المعجم الأوسط جلد 2صفحه117' رقم الحديث: 1435 . المعجم الكبير للطبرانى جلد 11 صفحه405' رقم الحديث:12148 . الآداب للبيهقى جلد 1صفحه242' رقم الحديث: 591 . السنن الكبرى للبيهقى جلد 8صفحه391' رقم الحديث: 16985 . شعب الايمان جلد 10صفحه222' رقم الحديث: 7412 . مسند سعد بن أبى وقاص جلد 1صفحه80' رقم الحديث:36 .

693- مسند اسحاق بن راهويه جلد 3صفحه679' رقم الحديث: 1272 . مسند أحمد جلد 41صفحه490' رقم الحديث: 25040 . تخريج الأحاديث المرفوعة جلد 1صفحه453' رقم الحديث: 132 . المعجم الأوسط جلد 2صفحه9' رقم الحديث: 1057 . الآداب للبيهقى جلد 1صفحه160' رقم الحديث: 387 . السنن الكبرى للبيهقى جلد 9صفحه521' رقم الحديث: 19331 . طبقات المحدثين بأصبهان جلد2صفحه174 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اَبِيهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اسْتَحْيُوا مِنَ اللّٰهِ حَقَّ الْحَيَاءِ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّا لَنَسْتَحْيِي وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، فَقَالَ: مَنِ اسْتَحْيَا مِنَ اللّٰهِ حَقَّ الْحَيَاءِ فَلْيَحْفَظِ الرَّاْسَ وَمَا حَوَى، وَالْبَطْنَ وَمَا وَعَى، وَلْيَذْكُرِ الْمَوْتَ وَالْبَلَاءَ، وَمَنْ اَرَادَ الْآخِرَةَ تَرَكَ زِينَةَ الدُّنْيَا، فَمَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ فَقَدِ اسْتَحْيَا مِنَ اللّٰهِ حَقَّ الْحَيَاءِ

اللہ! بلاشبہ ہم حیاء کرتے ہیں' الحمد للہ! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اللہ تعالیٰ سے یوں حیاء کرتا ہے جیسا حیاء کا حق ہے تو وہ اپنے سر کی حفاظت کرے اور جو اس نے یاد کر رکھا ہے' پیٹ کی اور جو اس نے جمع کر رکھا ہے اور موت کو اور مصیبت کو یاد کرے۔ جس شخص نے آخرت کا ارادہ کر لیا' اس نے دنیا کی زینت کو چھوڑ دیا۔ جس نے ایسا کر لیا تو بلاشبہ اس نے اللہ تعالیٰ سے حیاء کرنے کا حق ادا کر دیا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا مُجَّاعَةُ تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رُشَيْدٍ

قتادہ سے اس حدیث کو مجاعہ کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا' عبداللہ بن رشید اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

694 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ بِشْرٍ الْمَقَارِيضِيُّ الصَّنْعَانِيُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ جُوتَى الصَّنْعَانِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ سَالِمٍ الْقَدَّاحُ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ صَالِحٍ الْمَكِّيِّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، عَنْ مَيْمُونِ بْنِ اَبِي شَبِيبٍ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَوْصِنِي فَقَالَ: اتَّقِ اللّٰهَ حَيْثُمَا كُنْتَ، وَاَتْبِعِ السَّيِّئَةَ

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! مجھے وصیت فرمایئے! تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ سے ڈر اور بُرائی کے بعد نیکی کر کیونکہ وہ اسے مٹا دے گی اور لوگوں سے اچھے اخلاق سے پیش آ۔

694- صحیح البخاری جلد3صفحہ57' رقم الحدیث: 2073 . مسند أحمد جلد 13صفحہ497' رقم الحدیث: 8160 . صحیح ابن حبان جلد14صفحہ117' رقم الحدیث: 6225 . الأسماء والصفات للبیهقی جلد 2 صفحہ 28' رقم الحدیث:599 . السنن الکبریٰ للبیهقی جلد 6صفحہ210' رقم الحدیث: 11692 . صحیفة همام بن منبه جلد 1صفحہ40' رقم الحدیث: 47 . تاریخ أصبهان جلد2صفحہ126 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

الْحَسَنَةَ تَمْحُهَا، وَخَالِقِ النَّاسَ بِخُلُقٍ حَسَنٍ

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ صَالِحٍ الْمَكِّيِّ الْعَابِدِ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ سَالِمٍ تَفَرَّدَ بِهِ اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ جُوثَى

علی بن صالح المکی عابد سے اس حدیث کو سعید بن سالم کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ اسحاق بن ابراہیم بن جوثی اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

695 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ سَهْلٍ الْبَلْخِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ النَّيْسَابُورِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَمْرٍو اَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: كَانَ يُعْجِبُهُ اِذَا خَرَجَ لِحَاجَةٍ اَنْ يَسْمَعَ: يَا نَجِيحُ، يَا رَاشِدُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب کسی حاجت کے لیے نکلتے تو ''یا نجیح یا راشد ''(اے نجات دینے والے اور اے خوشخبری سنانے والے) سننا پسند کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ حَمَّادٍ اِلَّا الْعَقَدِيُّ تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ رَافِعٍ

حماد سے اس حدیث کو عقدی کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا' ابن رافع اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

696 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْفَرْغَانِيُّ

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے

695- شرح مشكل الآثار جلد 4صفحه277' رقم الحديث: 1598 . المعجم الأوسط جلد 4صفحه31' رقم الحديث:3534 . دلائل النبوة للبيهقي جلد6صفحه304 .

696- صحيح البخاري جلد7صفحه159' رقم الحديث: 5682 . سنن أبي داؤد جلد 4صفحه78' رقم الحديث: 4170 . سنن الترمذي جلد 5صفحه105' رقم الحديث: 2784 . سنن ابن ماجه جلد 1صفحه614' رقم الحديث: 1904 . جامع معمر بن راشد جلد 11صفحه242' رقم الحديث: 20433 . مسند أبي داؤد الطيالسي جلد 4صفحه400' رقم الحديث: 2801 . مسند ابن الجعد جلد 1صفحه150' رقم الحديث: 958 . الأدب لابن أبي شيبة جلد 1صفحه234' رقم الحديث: 209 . مصنف ابن أبي شيبة جلد 5 صفحه 319' رقم الحديث: 26489 . مسند أحمد جلد 3صفحه443' رقم

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

طَغْكُ بِمِصْرَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُثْمَانَ اَبُو حَسَّانَ الزِّيَادِيُّ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَيْرِيزٍ، عَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا وُضِعَ فِي الْمِيزَانِ اَرْجَحُ مِنْ حُسْنِ الْخُلُقِ

روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: میزان میں حسن اخلاق سے بڑھ کر کوئی چیز وزنی نہیں رکھی جائے گی۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ خَالِدٍ اِلَّا يَزِيدُ تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو حَسَّانَ، وَمَا كَتَبْنَاهُ اِلَّا عَنْ عَلِيٍّ

خالد سے اس حدیث کو یزید کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ ابوحسان اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے اور ہم نے اس حدیث کو حضرت علی کی روایت سے لکھا ہے۔

697 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ الْحُسَيْنِ

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

الحدیث: 1982 . سنن الدارمی جلد 3صفحه1733' رقم الحدیث: 2691 . السنن الکبریٰ للنسائی جلد8صفحه297' رقم الحدیث: 9207 . مسند أبی یعلٰی الموصلی جلد 4 صفحه 323' رقم الحدیث: 2433 . الکنٰی والأسماء للدولابی جلد 1صفحه321' رقم الحدیث: 571 . صحیح ابن حبان جلد 13صفحه61' رقم الحدیث: 5750 . المعجم الأوسط جلد 2صفحه117' رقم الحدیث: 1435 . المعجم الکبیر للطبرانی جلد 11 صفحه405' رقم الحدیث: 12148 . الآداب للبیهقی جلد 1صفحه242' رقم الحدیث: 591 . السنن الکبریٰ للبیهقی جلد 8صفحه391' رقم الحدیث: 16985 . شعب الایمان جلد 10صفحه222' رقم الحدیث: 7412 . مسند سعد بن أبی وقاص جلد 1صفحه80' رقم الحدیث: 36 .

697- مسند اسحاق بن راهویه جلد 3صفحه679' رقم الحدیث: 1272 . مسند أحمد جلد 41صفحه490' رقم الحدیث: 25040 . تخریج الأحادیث المرفوعة جلد 1صفحه453' رقم الحدیث: 132 . المعجم الأوسط جلد 2صفحه9' رقم الحدیث: 1057 . الآداب للبیهقی جلد 1صفحه160' رقم الحدیث: 387 . السنن الکبریٰ للبیهقی جلد9صفحه521' رقم الحدیث: 19331 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

الْبَغْدَادِيُّ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ يُوسُفَ الشَّاعِرُ، حَدَّثَنَا اَبُو اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْرَائِيلُ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مُهَاجِرٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَتَّاتٌ، وَالْقَتَّاتُ: النَّمَّامُ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''قتات'' جنت میں داخل نہیں ہوگا۔ ''قَتَّات'' چغل خور کو کہتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اِبْرَاهِيمَ اِلَّا اِسْرَائِيلُ، وَلَا عَنْهُ اِلَّا اَبُو اَحْمَدَ تَفَرَّدَ بِهِ الْحَجَّاجُ

ابراہیم سے اس حدیث کو اسرائیل کے سوا اور نہ ہی ان سے ابواحمد کے سوا کسی نے روایت کیا۔ حجاج اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

فائدہ: چغلی کھانا اور غیبت کرنا دونوں حرام ہیں' دونوں میں فرق ہے۔ کسی کی بات سن کر دوسرے شخص کو بتانا ''چغلی'' ہے۔ کسی کے بارے میں ایسی بات کہنا کہ اگر وہ اس کی موجودگی میں کہی جائے تو اسے ناگوار گزرے ''غیبت'' ہے خواہ حقیقت پر مبنی ہو۔

698 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْحُسَيْنِ الْمَرْوَزِيُّ الْبَغْدَادِيُّ، حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ اَبِي مُزَاحِمٍ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ اَبُو حَفْصٍ الْاَبَّارُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي زِيَادٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَوْلَيَانِ: حَبَشِيٌّ وَقِبْطِيٌّ، فَاسْتَبَّا يَوْمًا، فَقَالَ اَحَدُهُمَا: يَا حَبَشِيُّ، وَقَالَ الْآخَرُ: يَا قِبْطِيُّ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُولُوا هَكَذَا، اِنَّمَا اَنْتُمَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دو غلام تھے حبشی اور قبطی۔ ایک دن انہوں نے باہم گالم گلوچ کی' ان میں سے ایک نے کہا: اے حبشی! اور دوسرے نے کہا: اے قبطی! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم ایسا نہ کہو' بلاشبہ تم دونوں آلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دو فرد ہو۔

698- صحیح البخاری جلد3صفحہ57' رقم الحدیث: 2073 . مسند أحمد جلد 13صفحہ497' رقم الحدیث: 8160 . صحیفة همام بن منبه جلد1صفحہ40' رقم الحدیث:47 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

رَجُلَانِ مِنْ آلِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مُعَاوِيَةَ اِلَّا يَزِيدُ بْنُ اَبِى زِيَادٍ، وَلَا عَنْهُ اِلَّا الْاَبَّارُ تَفَرَّدَ بِهِ مَنْصُورٌ، وَهُوَ حَدِيثُهُ

733 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ سَهْلٍ اَبُو عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غَيَّاثٍ، حَدَّثَنَا قَزَعَةُ بْنُ سُوَيْدٍ الْبَاهِلِيُّ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: مِنْ حُسْنِ اِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْكُهُ مَا لَا يَعْنِيهِ

حضرت علی بن حسین اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آدمی کے اسلام کی خوبی یہ ہے کہ وہ فضول باتوں کو ترک کردے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا قَزَعَةُ

اس حدیث کو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے قزعہ کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔

734 - حَدَّثَنَا النُّعْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْكِلَابِيُّ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا سَوَّارُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَنْبَرِيُّ الْقَاضِي، عَنْ سَيَّارِ بْنِ سَلَامَةَ بْنِ

حضرت ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عشاء (کی نماز) سے پہلے سونے اور اس (عشاء) کے بعد گفتگو کرنے سے منع فرمایا ہے۔

733- صحيح البخاری جلد3صفحه57' رقم الحديث: 2073 ،مسند أحمد جلد 13صفحه497' رقم الحديث: 8160 . صحيح ابن حبان جلد14صفحه117' رقم الحديث: 6225 . الأسماء والصفات للبيهقی جلد 2 صفحه 28' رقم الحديث:599 . السنن الكبرى للبيهقی جلد 6صفحه210' رقم الحديث: 11692 . صحيفة همام بن منبه جلد 1صفحه40' رقم الحديث: 47 . تاريخ أصبهان جلد2صفحه126 .

734- مسند الرويانی جلد2صفحه427' رقم الحديث: 1449 . مسند الشاميين للطبرانی جلد 1صفحه228' رقم الحديث: 408 ،معجم ابن المقرئ جلد 1صفحه95' رقم الحديث: 218 . مسند الشهاب القضاعی جلد1 صفحه412' رقم الحديث: 708 . شعب الايمان جلد 9صفحه34' رقم الحديث: 6228 . الضعفاء الكبير للعقيلی جلد2صفحه108 . تاريخ أصبهان جلد2صفحه276 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

الْمِنْهَالِ الرِّيَاحِيِّ، عَنْ اَبِی بَرْزَةَ الْاَسْلَمِيِّ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: نَهَی عَنِ النَّوْمِ قَبْلَ الْعِشَاءِ، وَالْحَدِيثِ بَعْدَهَا

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ سَوَّارٍ الْقَاضِی اِلَّا عَلِیُّ بْنُ عَاصِمٍ

سوار قاضی سے اس حدیث کو علی بن عاصم کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔

735 - حَدَّثَنَا وَاثِلَةُ بْنُ الْحَسَنِ الْعُرُقِیُّ، بِمَدِينَةِ عُرُقَةَ، حَدَّثَنَا كَثِيرُ بْنُ عُبَيْدٍ الْحَذَّاءُ، حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَدْهَمَ، عَنْ فَرْوَةَ بْنِ مُجَاهِدٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ كَظَمَ غَيْظًا وَهُوَ قَادِرٌ عَلَی اِنْفَاذِهِ خَيَّرَهُ اللّٰهُ مِنَ الْحُورِ الْعِينِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَمَنْ اَنْكَحَ عَبْدًا وَضَعَ اللّٰهُ عَلَی رَاْسِهِ تَاجَ الْمُلْكِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت سہل بن معاذ بن انس اپنے والد سے' وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جس شخص نے اپنے غصہ پر قابو پالیا حالانکہ وہ اسے نکالنے پر قادر تھا تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسے حوروں میں سے حور پسند کرنے کا اختیار دے گا' اور جس نے غلام کا نکاح کیا' اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کے سر پر بادشاہی کا تاج رکھے گا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَدْهَمَ اِلَّا بَقِيَّةُ

ابراہیم بن ادھم سے اس حدیث کو بقیہ کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔

736 - حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ الْمُعَلِّمُ الْبَغْدَادِیُّ،

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

735- شرح مشكل الآثار جلد 4صفحه277' رقم الحديث: 1598 . المعجم الأوسط جلد 4صفحه31' رقم الحديث:3534 . دلائل النبوة للبيهقی جلد6صفحه304 .

736- صحيح البخاری جلد7صفحه159' رقم الحديث: 5885 . سنن أبی داؤد جلد 4صفحه78' رقم الحديث: 4170 . سنن الترمذی جلد 5صفحه105' رقم الحديث: 2784 . سنن ابن ماجه جلد 1صفحه614' رقم الحديث: 1904 . جامع معمر بن راشد جلد 11صفحه242' رقم الحديث: 20433 . مسند أبی داؤد الطيالسی جلد 4صفحه400' رقم الحديث: 2801 . مسند ابن الجعد جلد 1صفحه150' رقم الحديث: 958 . الأدب لابن أبی شيبة جلد 1صفحه234' رقم الحديث: 209 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ عِيسَى الطَّبَّاعُ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ اِلْيَاسَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِی سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِی سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ رَاَى مِنْ اَخِيهِ عَوْرَةً فَسَتَرَهَا عَلَيْهِ دَخَلَ الْجَنَّةَ

میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سنا: جس شخص نے اپنے بھائی کا ستر دیکھا پھر اس کی پردہ پوشی کی تو وہ جنت میں داخل ہوگا۔

لَا يُرْوَى عَنْ اَبِی سَعِيدٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ تَفَرَّدَ بِهِ خَالِدُ بْنُ اِلْيَاسَ

حضرت ابوسعید سے اس اسناد کے علاوہ یہ حدیث روایت نہیں کی گئی۔ خالد بن الیاس اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

فائدہ: جب کوئی مسلمان اپنے بھائی کے عیب پر مطلع ہونے پر اسے چھپائے تو اس کے عوض اللہ تعالیٰ جنت عطا فرماتا ہے۔

737 - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ الطَّبَرَانِيُّ اَبُو

حضرت ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن اپنے والد سے روایت

مصنف ابن أبی شيبة جلد5 صفحه319' رقم الحديث: 26489 . مسند أحمد جلد3صفحه443' رقم الحديث: 1982 . سنن الدارمی جلد 3صفحه1733' رقم الحديث: 2691 . السنن الكبرى للنسائی جلد 8صفحه297' رقم الحديث: 9207 . مسند أبی يعلى الموصلی جلد4 صفحه 323' رقم الحديث: 2433 . الكنى والأسماء للدولابی جلد 1صفحه321' رقم الحديث: 571 . صحيح ابن حبان جلد13 صفحه61' رقم الحديث: 5750 . المعجم الأوسط جلد 2صفحه117' رقم الحديث: 1435 . المعجم الكبير للطبرانی جلد 11 صفحه405' رقم الحديث: 12148 . الآداب للبيهقی جلد 1صفحه242' رقم الحديث: 591 . السنن الكبرى للبيهقی جلد 8صفحه391' رقم الحديث: 16985 . شعب الايمان جلد10صفحه222' رقم الحديث: 7412 . مسند سعد بن أبی وقاص جلد1صفحه80' رقم الحديث: 36 .

737- مسند اسحاق بن راهويه جلد 3صفحه679' رقم الحديث: 1272 . مسند أحمد جلد 41صفحه490' رقم الحديث: 25040 . تخريج الأحاديث المرفوعة جلد 1صفحه453' رقم الحديث: 132 . المعجم الأوسط جلد 2صفحه9' رقم الحديث: 1057 . الآداب للبيهقی جلد 1صفحه160' رقم الحديث: 387 . السنن الكبرى للبيهقی جلد9صفحه521' رقم الحديث: 19331 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

سَعِيدٍ، سَنَةَ ثَلَاثٍ وَسَبْعِينَ وَمِائَتَيْنِ، حَدَّثَنَا آدَمُ بْنُ اَبِی اِيَاسٍ الْعَسْقَلَانِیُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِی فُدَيْكٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ مُصْعَبٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ الزُّهْرِیِّ، عَنْ اَبِی سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: كَلَّمَ طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَامِرَ بْنَ فُهَيْرَةَ بِشَیْءٍ، فَقَالَ لَهُ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: مَهْلًا يَا طَلْحَةُ؛ فَاِنَّهُ قَدْ شَهِدَ بَدْرًا كَمَا شَهِدْتَهُ، وَخَيْرُكُمْ خَيْرُكُمْ لِمَوَالِيهِ

کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ حضرت طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہ نے حضرت عامر بن فہیرہ رضی اللہ عنہ سے کسی شے کے بارے سخت بات کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے طلحہ! رہنے دے کیونکہ وہ بھی اسی طرح بدر میں حاضر ہوا جس طرح تُو حاضر ہوا' اور تم میں سے بہتر وہ ہے جو اپنے غلاموں کے لیے بہتر ہو (یعنی ان کے ساتھ اچھا سلوک رکھنے والا ہو)۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ الزُّهْرِیِّ اِلَّا مُصْعَبٌ، وَلَا عَنْ مُصْعَبٍ اِلَّا عَبْدُ الْمَلِكِ، وَلَا عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ اِلَّا ابْنُ اَبِی فُدَيْكٍ تَفَرَّدَ بِهِ آدَمُ

زہری سے اس حدیث کو مصعب کے سوا اور مصعب سے عبدالملک کے سوا اور عبدالملک سے ابن ابی فدیک کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ آدم اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

738 - حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ هِشَامٍ الدِّمَشْقِیُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ عَلِیِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، حَدَّثَنِی جَدِّی اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، عَنِ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: غلام کے اپنے سردار پر تین حق ہیں: اس پر نماز سے جلدی نہ کرے' اسے اس کے کھانے سے نہ اُٹھائے اور اس کو مکمل طور پر سیر نہ کرے۔

738- صحيح البخاری جلد3صفحه57' رقم الحديث: 2073 . مسند أحمد جلد 13صفحه497' رقم الحديث: 8160 . صحيح ابن حبان جلد14صفحه117' رقم الحديث: 6225 . الأسماء والصفات للبيهقی جلد 2 صفحه 28' رقم الحديث:599 . السنن الكبرىٰ للبيهقی جلد 6صفحه210' رقم الحديث: 11692 . صحيفة همام بن منبه جلد 1صفحه40' رقم الحديث: 47 . تاريخ أصبهان جلد2صفحه126 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لِلْمَمْلُوكِ عَلَى سَيِّدِهِ ثَلَاثُ خِصَالٍ: لَا يُعَجِّلُهُ عَنْ صَلَاتِهِ، وَلَا يُقِيمُهُ عَنْ طَعَامِهِ، وَيُشْبِعُهُ كُلَّ الْإِشْبَاعِ

لَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ تَفَرَّدَ بِهِ وَلَدُهُ عَنْهُ

حضرت ابن عباس سے یہ حدیث اس اسناد کے علاوہ روایت نہیں کی گئی اور اس حدیث میں ان کا بیٹا ان سے روایت کرنے میں منفرد ہے۔

739 - حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ خَلَفٍ الدُّورِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُشَيْشٍ الْكُوفِيُّ، حَدَّثَنَا مُفَضَّلُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ ابْنِ جُحَادَةَ إِلَّا مُفَضَّلٌ تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ خُشَيْشٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: آدمی اسی کے ساتھ ہوگا (بروزِ قیامت) جس کے ساتھ اس نے محبت کی (دنیا میں)۔

ابن جحادہ سے اس حدیث کو مفضل کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ ابن خشیش اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

740 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُحَمَّدٍ أَبُو مُحَمَّدٍ الْمُؤَدِّبُ الْأَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ الْعَابِدُ سَنْدِيلَةُ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حَفْصٍ،

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اپنے برتنوں کو ڈھانپ دیا کرو اور اپنے مشکیزوں کے منہ بند کر دیا کرو اور اپنے دروازوں کو

739- مسند الرویانی جلد2صفحہ427' رقم الحدیث: 1449 ۔ مسند الشامیین للطبرانی جلد 1صفحہ228' رقم الحدیث: 408 ۔ معجم ابن المقرئ جلد 1صفحہ95' رقم الحدیث: 218 ۔ مسند الشہاب القضاعی جلد1 صفحہ412' رقم الحدیث: 708 ۔ شعب الایمان جلد 9صفحہ34' رقم الحدیث: 6228 ۔ الضعفاء الکبیر للعقیلی جلد2صفحہ108 ۔ تاریخ أصبہان جلد2صفحہ276 ۔

740- شرح مشکل الآثار جلد 4صفحہ277' رقم الحدیث: 1598 ۔ المعجم الأوسط جلد 4صفحہ31' رقم الحدیث:3534 ۔ دلائل النبوۃ للبیہقی جلد6صفحہ304 ۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ قَائِدُ الْاَعْمَشِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِی سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: خَمِّرُوا آنِيَتَكُمْ، وَاَوْكُوا اَسْقِيَتَكُمْ، وَاَجِيفُوا اَبْوَابَكُمْ، وَاَطْفِئُوا سُرُجَكُمْ؛ فَإِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَفْتَحُ بَابًا مُجَافًا، وَلَا يَكْشِفُ غِطَاءً، وَلَا يَحُلُّ وِكَاءً، وَاِنَّ الْفُوَيْسِقَةَ تُضْرِمُ عَلَى اَهْلِ الْبَيْتِ بَيْتَهُمْ فِی النَّارِ

بند رکھا کرو اور اپنے چراغوں کو بجھا دیا کرو کیونکہ شیطان بند دروازہ نہیں کھول سکتا اور نہ پردہ کھول سکتا ہے اور نہ تسمہ کھول سکتا ہے اور چوہیا گھر والوں پر ان کے گھر کو آگ میں جلا دیتی ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ قَائِدِ الْاَعْمَشِ اِلَّا الْحُسَيْنُ بْنُ حَفْصٍ

امام اعمش سے حسین بن حفص کے سوا کسی نے اس حدیث کو روایت نہیں کیا۔

741 - حَدَّثَنَا يَحْيَى، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول

741- صحيح البخاری جلد7صفحه159' رقم الحديث: 5885 . سنن أبی داؤد جلد 4صفحه78' رقم الحديث: 4170 . سنن الترمذی جلد 5صفحه105' رقم الحديث: 2784 . سنن ابن ماجه جلد 1صفحه614' رقم الحديث: 1904 . جامع معمر بن راشد جلد 11صفحه242' رقم الحديث: 20433 . مسند أبی داؤد الطيالسی جلد 4صفحه400' رقم الحديث: 2801 . مسند ابن الجعد جلد 1صفحه150' رقم الحديث: 958 . الأدب لابن أبی شيبة جلد 1صفحه234' رقم الحديث: 209 . مصنف ابن أبی شيبة جلد 5 صفحه 319' رقم الحديث: 26489 . مسند أحمد جلد 3صفحه443' رقم الحديث: 1982 . سنن الدارمی جلد 3صفحه1733' رقم الحديث: 2691 . السنن الكبرىٰ للنسائی جلد8صفحه297' رقم الحديث: 9207 . مسند أبی يعلىٰ الموصلی جلد 4 صفحه 323' رقم الحديث: 2433 . الكنىٰ والأسماء للدولابی جلد 1صفحه321' رقم الحديث: 571 . صحيح ابن حبان جلد 13صفحه61' رقم الحديث: 5750 . المعجم الأوسط جلد 2صفحه117' رقم الحديث: 1435 . المعجم الكبير للطبرانی جلد 11 صفحه405' رقم الحديث: 12148 . الآداب للبيهقی جلد 1صفحه242' رقم الحديث: 591 . السنن الكبرىٰ للبيهقی جلد8صفحه391' رقم الحديث: 16985 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

عُثْمَانَ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: اسْمَحْ يُسْمَحْ لَكَ

اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم وسعت پیدا کرو تمہارے لیے بھی وسعت پیدا کی جائے گی۔

742 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُو زَكَرِيَّا الْقَسَّامُ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ يَزِيدَ الْقَطَّانُ، حَدَّثَنَا اَبُو جَابِرٍ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ ذَاتَ يَوْمٍ لِغُلَامٍ مِنَ الْاَنْصَارِ: نَاوِلْنِي نَعْلِي، فَقَالَ الْغُلَامُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، بِاَبِي اَنْتَ وَاُمِّي، اتْرُكْنِي حَتَّى اَجْعَلَهُمَا اَنَا فِي رِجْلَيْكَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ، اِنَّ عَبْدَكَ هَذَا يَتَرَضَاكَ فَارْضَ عَنْهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک دن ایک انصاری لڑکے کو فرمایا: مجھے میرا جوتا پکڑا دے! اس لڑکے نے عرض کیا: اے اللہ کے نبی! آپ پر میرے ماں باپ فدا ہوں! مجھے چھوڑ دیجئے! حتیٰ کہ میں ان دونوں کو آپ کے پاؤں میں پہناؤں! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعا کی: اے اللہ! بے شک تیرا یہ بندہ تجھے راضی کرنا چاہتا ہے' پس تُو اس سے راضی ہو جا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ ثَابِتٍ اِلَّا الْحَسَنُ بْنُ اَبِي جَعْفَرٍ تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو جَابِرٍ

ثابت سے اس حدیث کو حسین بن ابی جعفر کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ ابو جابر اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

743 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُعَاذٍ الْفَقِيرُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

742- مسند اسحاق بن راهويه جلد 3صفحه679' رقم الحديث: 1272 . مسند أحمد جلد 41صفحه490' رقم الحديث: 25040 . تخريج الأحاديث المرفوعة جلد 1صفحه453' رقم الحديث: 132 . المعجم الأوسط جلد2صفحه9' رقم الحديث: 1057 . الآداب للبيهقی جلد 1صفحه160' رقم الحديث: 387 . السنن الكبرى للبيهقی جلد 9صفحه521' رقم الحديث: 19331 . طبقات المحدثين بأصبهان جلد2صفحه174 .

743- صحيح البخاری جلد3صفحه57' رقم الحديث: 2073 . مسند أحمد جلد 13صفحه497' رقم

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

التُّسْتَرِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِی بَزَّةَ الْمَكِّيُّ، حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَصْرِيُّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِی عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَقِيَ اَخَاهُ الْمُسْلِمَ بِمَا يُحِبُّ لِيَسُرَّهُ بِذَلِكَ سَرَّهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص اپنے مسلمان بھائی سے اس کے پسندیدہ طریقے کے مطابق ملاقات کرے گا قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اسے خوش کرے گا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا سَعِيدٌ، وَلَا عَنْهُ اِلَّا الْحَكَمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ اَبِی بَزَّةَ

قتادہ سے اس حدیث کو سعید کے سوا اور ان سے حکم بن عبداللہ کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ ابن ابو برزہ اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

744 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدَوَيْهِ الصَّفَّارُ الْبَغْدَادِيُّ، حَدَّثَنِی اَبِی عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدَوَيْهِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عَبْدٌ اَطَاعَ اللّٰهَ وَاَطَاعَ مَوَالِيَهُ يُدْخِلُهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ قَبْلَ مَوَالِيهِ،

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو غلام اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرے اور اپنے مالکوں کی بھی اطاعت کرے' تو اللہ تعالیٰ اس کو اس کے مالکوں سے پہلے جنت میں داخل کرے گا۔ اس کا مالک کہے گا: یہ تو دنیا میں میرا غلام تھا' تو ربِ تعالیٰ فرمائے گا: میں نے اسے اس کے عمل کا بدلہ دیا

الحديث: 8160 . صحيح ابن حبان جلد14صفحه117' رقم الحديث: 6225 . الأسماء والصفات للبيهقي جلد 2 صفحه 28' رقم الحديث:599 . السنن الكبرى للبيهقي جلد 6صفحه210' رقم الحديث: 11692 . صحيفة همام بن منبه جلد 1صفحه40' رقم الحديث: 47 . تاريخ أصبهان جلد2صفحه126 .

744- مسند الروياني جلد2صفحه427' رقم الحديث: 1449 . مسند الشاميين للطبراني جلد 1صفحه228' رقم الحديث: 408 . معجم ابن المقرئ جلد 1صفحه95' رقم الحديث: 218 . مسند الشهاب القضاعي جلد1 صفحه412' رقم الحديث: 708 . شعب الايمان جلد 9صفحه34' رقم الحديث: 6228 . الضعفاء الكبير للعقيلي جلد2صفحه108 . تاريخ أصبهان جلد2صفحه276 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

فَيَقُولُ السَّيِّدُ: رَبِّ، هَذَا كَانَ عَبْدِی فِی الدُّنْيَا، فَيَقُولُ: جَازَيْتُهُ بِعَمَلِهِ، وَجَازَيْتُكَ بِعَمَلِكَ

اور تجھے تیرے عمل کا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ يُونُسَ اِلَّا عَبْدُ الْوَهَّابِ تَفَرَّدَ بِهِ يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيهِ

یونس سے اس حدیث کو عبدالوہاب کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ یحییٰ بن عبداللہ اس حدیث کو اپنے والد سے روایت کرنے میں منفرد ہیں۔

745 - حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الرِّفَاعِیُّ الْاَصْبَهَانِیُّ، عَنْ اَحْمَدَ بْنِ يُونُسَ الضَّبِّیِّ، حَدَّثَنَا اَبُو الْجَوَّابِ الْاَحْوَصُ بْنُ جَوَابٍ، حَدَّثَنَا سُعَيْرُ بْنُ الْخِمْنِسِ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِیِّ، عَنْ اَبِی عُثْمَانَ النَّهْدِیِّ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صُنِعَ اِلَيْهِ مَعْرُوفٌ، فَقَالَ لِفَاعِلِهِ: جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا، فَقَدْ اَبْلَغَ فِی الثَّنَاءِ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص کے ساتھ کسی نے بھلائی کی اور اس نے نیکی کرنے والے سے کہا: اللہ تعالیٰ تجھے بہترین جزاء عطا فرمائے! تو بلاشبہ اس نے (اس کی) تعریف کرنے میں مبالغہ کیا۔

746 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّیُّ، حَدَّثَنَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول

745- شرح مشكل الآثار جلد 4صفحه277' رقم الحديث: 1598 . المعجم الأوسط جلد 4صفحه31' رقم الحديث:3534 . دلائل النبوة للبيهقی جلد6صفحه304 .

746- صحيح البخاری جلد7صفحه159' رقم الحديث: 5885 . سنن أبی داؤد جلد 4صفحه78' رقم الحديث: 4170 . سنن الترمذی جلد 5صفحه105' رقم الحديث: 2784 . سنن ابن ماجه جلد 1صفحه614' رقم الحديث: 1904 . جامع معمر بن راشد جلد 11صفحه242' رقم الحديث: 20433 . مسند أبی داؤد الطيالسی جلد 4صفحه400' رقم الحديث: 2801 . مسند ابن الجعد جلد 1صفحه150' رقم الحديث: 958 . الأدب لابن أبی شيبة جلد 1صفحه234' رقم الحديث: 209 . مصنف ابن أبی شيبة جلد 5 صفحه 319' رقم الحديث: 26489 . مسند أحمد جلد 3صفحه443' رقم الحديث: 1982 . سنن الدارمی جلد 3صفحه1733' رقم الحديث: 2691 . السنن الكبرى للنسائی

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

سَعِيدُ بْنُ سَلَّامٍ الْعَطَّارُ، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ الرَّبَذِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: اِذَا قَالَ رَجُلٌ لِاَخِيهِ: جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا فَقَدْ اَبْلَغَ فِی الثَّنَاءِ

اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی آدمی اپنے بھائی سے کہے: اللہ تعالیٰ تجھے بہترین جزاء عطا فرمائے' تو بلاشبہ اس نے تعریف کرنے میں مبالغہ سے کام لیا۔

747 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِیُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، قِرَائَةً عَنِ الثَّوْرِیِّ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

748 - حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ الْمَرْجِیُّ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

جلد8صفحہ297' رقم الحدیث: 9207 . مسند أبی یعلٰی الموصلی جلد 4 صفحہ 323' رقم الحدیث: 2433 . الکنٰی والأسماء للدولابی جلد 1صفحہ321' رقم الحدیث: 571 . صحیح ابن حبان جلد 13صفحہ61' رقم الحدیث: 5750 . المعجم الأوسط جلد 2صفحہ117' رقم الحدیث: 1435 . المعجم الکبیر للطبرانی جلد 11 صفحہ405' رقم الحدیث:12148 . الآداب للبیهقی جلد1صفحہ242' رقم الحدیث: 591 . السنن الکبریٰ للبیهقی جلد 8صفحہ391' رقم الحدیث: 16985 . شعب الایمان جلد10صفحہ222' رقم الحدیث: 7412 . مسند سعد بن أبی وقاص جلد 1صفحہ80' رقم الحدیث:36 .

747- مسند اسحاق بن راهویه جلد3صفحہ679' رقم الحدیث: 1272 . مسند أحمد جلد 41صفحہ490' رقم الحدیث: 25040 . تخریج الأحادیث المرفوعة جلد 1صفحہ453' رقم الحدیث: 132 . المعجم الأوسط جلد2صفحہ9' رقم الحدیث: 1057 . الآداب للبیهقی جلد 1صفحہ160' رقم الحدیث: 387 . السنن الکبریٰ للبیهقی جلد 9صفحہ521' رقم الحدیث: 19331 . طبقات المحدثین باصبهان جلد2صفحہ174 .

748- صحیح البخاری جلد3صفحہ57' رقم الحدیث: 2073 . مسند أحمد جلد 13صفحہ497' رقم

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

الْحَافِظُ، بِالرَّمْلَةِ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ شَيْبَانَ الرَّمْلِيُّ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ مَرْزُوقِ بْنِ اَبِي الْهُذَيْلِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ

کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: آدمی (بروزِ قیامت) اسی کے ساتھ ہوگا جس سے اس نے محبت کی ہوگی۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مَرْزُوقٍ اِلَّا الْوَلِيدُ، تَفَرَّدَ بِهِ اَحْمَدُ بْنُ شَيْبَانَ

مرزوق سے اس روایت کو ولید کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ احمد بن شیبان اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

749 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ الْحَلَبِيُّ اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ، بِحَلَبَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَسَبْعِينَ وَمِائَتَيْنِ، حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ يُونُسَ الْاَفْطَسُ اَخُو اَبِي مُسْلِمٍ الْمُسْتَمْلِي، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ دَعَا اللّٰهُ عَبْدًا مِنْ عَبِيدِهِ، فَيُوقَفُ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَيَسْاَلُهُ عَنْ جَاهِهِ كَمَا يَسْاَلُهُ عَنْ مَالِهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: جب قیامت کا دن ہوگا تو اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں سے ایک بندے کو بلائے گا' اسے رب کے سامنے کھڑا کیا جائے تو اس سے اس کے جاہ (عہدہ و منصب) کے متعلق سوال کرے گا جیسا کہ اس سے اس کے مال کے متعلق سوال کرے گا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ اِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ

عبداللہ بن دینار سے اس حدیث کو سلیمان بن بلال

الحديث: 8160 . صحيح ابن حبان جلد14صفحه117' رقم الحديث: 6225 . الأسماء والصفات للبيهقي جلد 2 صفحه 28' رقم الحديث:599 . السنن الكبرى للبيهقي جلد 6صفحه210' رقم الحديث: 11692 . صحيفة همام بن منبه جلد 1صفحه40' رقم الحديث: 47 . تاريخ أصبهان جلد2صفحه126 .

749- شرح مشكل الآثار جلد 4صفحه277' رقم الحديث: 1598 . المعجم الأوسط جلد 4صفحه31' رقم الحديث:3534 . دلائل النبوة للبيهقي جلد6صفحه304 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

بِلَالٍ تَفَرَّدَ بِهِ يُوسُفُ بْنُ يُونُسَ

کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ یوسف بن یونس اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

750 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْحَمْرَاوِيُّ، حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ الرُّوَاسِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمَّارٍ الدُّهْنِيِّ، عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ اَنْعَمُ وَصَاحِبُ الْقَرْنِ قَدِ الْتَقَمَ الْقَرْنَ، وَحَنَى جَبْهَتَهُ يَنْتَظِرُ مَتَى يُؤْمَرُ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَمَا تَأْمُرُنَا؟ قَالَ: قُولُوا حَسْبُنَا اللّٰهُ، وَنِعْمَ الْوَكِيلُ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں کیسے بے خوف رہ سکتا ہوں حالانکہ صور پھونکنے والا صور کو منہ میں ڈالے ہوئے ہے حتیٰ کہ اس کا چہرہ انتظار کر رہا ہے کہ کب اس کو حکم دیا جائے۔ صحابہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ ہمیں کیا حکم فرماتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: تم کہا کرو ''حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ ''(اللہ تعالیٰ ہمارے لیے کافی ہے اور وہ بہترین کارساز ہے)۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عَمَّارٍ الدُّهْنِيِّ اِلَّا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا زُهَيْرٌ وَرَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ

عمار دھنی سے اس حدیث کو سفیان بن عیینہ کے سوا اور سفیان سے زہیر اور روح بن عبادہ کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔

751 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ وَاقِدٍ اَبُو شِبْلٍ الْبَغْدَادِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنَا اَبُو حَفْصٍ الْاَبَّارُ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت کے دن سخت ترین عذاب ظالم بادشاہ کو ہوگا۔

750- مسند الرویانی جلد2صفحہ427' رقم الحدیث: 1449 . مسند الشامیین للطبرانی جلد 1صفحہ228' رقم الحدیث: 408 . معجم ابن المقریٔ جلد 1صفحہ95' رقم الحدیث: 218 . مسند الشہاب القضاعی جلد1 صفحہ412' رقم الحدیث: 708 . شعب الایمان جلد 9صفحہ34' رقم الحدیث: 6228 . الضعفاء الکبیر للعقیلی جلد2صفحہ108 . تاریخ اصبہان جلد2صفحہ276 .

751-شرح مشکل الآثار جلد 4صفحہ277' رقم الحدیث:1598 . المعجم الأوسط جلد 4صفحہ31' رقم الحدیث:3534 . دلائل النبوۃ للبیہقی جلد6صفحہ304 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: اَشَدُّ النَّاسِ عَذَابًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ اِمَامٌ جَائِرٌ

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ ابْنِ جُحَادَةَ اِلَّا اَبُو حَفْصٍ

ابن جحادہ سے اس حدیث کو ابوحفص کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔

752 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ الْمُعَدِّلُ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ اِهَابٍ، حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجُرَشِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو اُوَيْسٍ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ: عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فِي قَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ: (يَوْمَ يَاْتِي بَعْضُ آيَاتِ رَبِّكَ) (الانعام: 158) قَالَ: طُلُوعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ سے اللہ عزوجل کے ارشاد "يَوْمَ يَاْتِي بَعْضُ آيَاتِ رَبِّكَ" کے متعلق روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا (اس سے مراد ہے) کہ سورج مغرب سے طلوع ہوگا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ الْعَلَاءِ اِلَّا اَبُو اُوَيْسٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ تَفَرَّدَ بِهِ النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ

علاء سے اس حدیث کو ابواویس عبداللہ بن عبداللہ کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ نضر بن محمد اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

753 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ الْفُضَيْلِ التَّمَّارُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول

752- تفسير ابن أبي حاتم جلد5صفحه1427 . مصنف ابن أبي شيبة جلد 7صفحه506' رقم الحديث: 47597 . مسند أحمد جلد 17صفحه368' رقم الحديث: 11266 . مسند أبي يعلىٰ الموصلي جلد2صفحه505' رقم الحديث: 1353 . الدعاء للطبراني جلد1صفحه616' رقم الحديث: 2247 .

753- صحيح مسلم جلد 3صفحه1361' رقم الحديث: 1737 . مسند ابن الجعد جلد 1صفحه207' رقم الحديث: 1363 . مصنف ابن أبي شيبة جلد 6صفحه513' رقم الحديث: 33416 . مسند أحمد جلد 21 صفحه343' رقم الحديث: 13857 . مسند أبي يعلىٰ الموصلي جلد 6صفحه112' رقم الحديث: 3382 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

الْمُخَرِّمِيُّ الْمُؤَدِّبُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ شَيْبَةَ الْحِزَامِيُّ الْمَدَنِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي فُدَيْكٍ، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ يَعْقُوبَ الزَّمْعِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اِسْحَاقَ، اَنَّ اَبَا حَازِمٍ، اَخْبَرَهُ اَنَّ نَافِعًا مَوْلَى ابْنِ عُمَرَ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ، سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ غَادِرٍ اِلَّا وَلَهُ لِوَاءٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، يُعْرَفُ بِهِ

اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو بھی غداری کرے گا اس کے لیے قیامت کے دن ایک جھنڈا ہوگا' اس کے ساتھ اس (کے غدار ہونے) کی پہچان ہوگی۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اَبِي حَازِمٍ سَلَمَةَ بْنِ دِينَارٍ الزَّاهِدِ اِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اِسْحَاقَ، وَلَا عَنْهُ اِلَّا مُوسَى بْنُ يَعْقُوبَ، وَلَا عَنْ مُوسَى بْنِ يَعْقُوبَ اِلَّا اَبُو فُدَيْكٍ تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ

ابوحازم سلمہ بن دینار زاھد سے اس حدیث کو عبدالرحمٰن بن اسحاق کے سوا اور ان سے موسیٰ بن یعقوب کے سوا اور موسیٰ بن یعقوب سے ابوفدیک کے سوا کسی نے روایت نہیں کی۔ عبدالرحمٰن بن عبدالملک اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

754 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِمْرَانَ بْنِ مُوسَى الْبَغْدَادِيُّ، حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَلَبِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ رَبِّهِ بْنُ هُبَيْرَةَ الْمُؤَدِّبُ الْحَلَبِيُّ، حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ سِنَانٍ الْاَنْصَارِيُّ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَمْرٍو الْمَكِّيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب قیامت کا دن ہوگا تو اللہ تعالیٰ منادی کو اعلان کرنے کا حکم فرمائے گا: میں نے نسب بنایا اور تم نے بھی نسب بنالیا' میں نے تم میں سے سب سے زیادہ پرہیزگار کو عزت والا بنایا' تم نے انکار کر دیا سوائے اس کے کہ تم نے کہا کہ فلاں بن فلاں' فلاں بن فلاں سے

مستخرج أبي عوانة جلد 4صفحه208' رقم الحديث: 6521 . مسند الشهاب القضاعي جلد 1 صفحه153' رقم الحديث:211 . السنن الكبرى للبيهقي جلد8صفحه276' رقم الحديث:16634 .

754- ضعيف ترغيب و ترهيب رقم الحديث: 1763 . سلسلة ضعيفة رقم الحديث: 2436 . مجمع الزوائد جلد8 صفحه84 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ اَمَرَ اللّٰهُ مُنَادِيًا يُنَادِي: اَلَا اِنِّي جَعَلْتُ نَسَبًا، وَجَعَلْتُمْ نَسَبًا، فَجَعَلْتُ اَكْرَمَكُمْ اَتْقَاكُمْ فَاَبَيْتُمْ اِلَّا اَنْ تَقُولُوا: فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ خَيْرٌ مِنْ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ، فَاَنَا الْيَوْمَ اَرْفَعُ نَسَبِي، وَاَضَعُ نَسَبَكُمْ اَيْنَ الْمُتَّقُونَ

بہتر ہے' آج کے دن میں نسب کو بلند کروں گا اور تمہارے نسب کو نیچا کروں گا' کہاں ہیں پرہیز گار لوگ؟

لَا يُرْوَى عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ تَفَرَّدَ بِهِ صَالِحٌ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے اس حدیث کو اس اسناد کے علاوہ روایت نہیں کیا گیا۔ صالح اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

755 - حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ مُحَمَّدٍ الصَّيْدَلَانِيُّ الْبَغْدَادِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُقْبَةَ السَّدُوسِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ سِنَانٍ الْقُرَشِيُّ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا كَعْبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: اَلَا اِنَّ عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ لَيْسَ بَيْنِي وَبَيْنَهُ نَبِيٌّ، اَلَا خَلِيفَتِي فِي اُمَّتِي مِنْ بَعْدِي يَقْتُلُ الدَّجَّالَ وَيَكْسِرُ الصَّلِيبَ وَيَضَعُ الْجِزْيَةَ وَتَضَعُ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا، اَلَا مَنْ اَدْرَكَهُ مِنْكُمْ، فَلْيَقْرَاْ عَلَيْهِ السَّلَامَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سنو! بے شک میرے اور حضرت عیسیٰ بن مریم علیہما السلام کے درمیان کوئی رسول اور نبی نہیں ہے۔ سنو! بے شک وہ میرے بعد خلیفہ ہوں گے' دجال کو قتل کریں گے اور صلیب کو توڑیں گے اور جزیہ کو ختم کریں گے اور جنگ اپنا اسلحہ رکھ دے گی' سنو! تم میں سے جو انہیں پائے انہیں میرا اسلام کہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا كَعْبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَصْرِيُّ، وَلَا عَنْهُ اِلَّا مُحَمَّدٌ تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ عُقْبَةَ

قتادہ سے اس حدیث کو کعب بن عبداللہ بصری کے سوا اور ان سے محمد کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ ابن عقبہ اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

755- معجم الأوسط رقم الحديث: 1342 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

756 - حَدَّثَنَا اَبُو الْفَضْلِ الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبِرْتِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا حُصَيْنُ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ حُسَيْنِ بْنِ قَيْسٍ الرَّحْبِيِّ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: لَا تَزُولُ قَدَمَا عَبْدٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتَّى يُسْأَلَ عَنْ خَمْسَةٍ: عَنْ عُمْرِهِ فِيمَا اَفْنَاهُ، وَشَبَابِهِ فِيمَا اَبْلَاهُ، وَعَنْ مَالِهِ مِنْ اَيْنَ اكْتَسَبَهُ وَفِيمَ اُنْفِقَهُ، وَعَنْ مَا عَمِلَ فِيمَا عَلِمَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن آدمی کے دونوں قدم اس وقت تک نہیں ہل سکیں گے جب تک اس سے پانچ چیزوں کے متعلق سوال نہ کیا جائے گا۔ اس کی عمر کے متعلق کہ کہاں ضائع کی؟ اس کی نوجوانی کے بارے کہ کہاں بوسیدہ کی؟ اور اس کے مال کے متعلق کہ کہاں سے کمایا اور کہاں خرچ کیا؟ اور جو علم رکھتا تھا کہاں تک اس پر عمل کیا؟

لَا يُرْوَى عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ تَفَرَّدَ بِهِ حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ

حضرت عبداللہ بن مسعود سے اس حدیث کو اس اسناد کے علاوہ روایت نہیں کیا گیا۔ حمید بن مسعدہ اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

757 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَلَفٍ وَكِيعٌ الْقَاضِي، حَدَّثَنَا الزُّبَيْرُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا اَبُو ضَمْرَةَ اَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: لَا يَتَنَاجَى اثْنَانِ دُونَ الثَّالِثِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دو آدمی تیسرے کو چھوڑ کر سرگوشی نہ کریں۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ يَحْيَى عَنِ الْقَاسِمِ اِلَّا اَنَسُ بْنُ

یحییٰ بن سعید سے اس حدیث کو انس بن عیاض کے

756- سنن الترمذی رقم الحدیث: 2417 . مسند أبی یعلٰی الموصلی رقم الحدیث: 5271 .

757- تفسیر ابن أبی حاتم جلد5صفحہ1427 . مصنف ابن أبی شیبة جلد 7صفحہ506' رقم الحدیث: 47597 . مسند أحمد جلد 17صفحہ368' رقم الحدیث: 11266 . مسند أبی یعلٰی الموصلی جلد2صفحہ505' رقم الحدیث: 1353 . الدعاء للطبرانی جلد1صفحہ616' رقم الحدیث: 2247 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

عِيَاضٍ تَفَرَّدَ بِهِ الزُّبَيْرُ بْنُ بَكَّارٍ

سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ زبیر بن بکار اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

فائدہ: تیسرے کو چھوڑ کر دو آدمی باہم سرگوشی کریں گے تو تیسرے آدمی کے دل و دماغ میں مختلف خیالات و شبہات جنم لیں گے جو یقیناً نفرت کا سبب بنیں گے۔

758 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زِيَادٍ الْاَبْزَارِيُّ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو عَاصِمٍ الْعَبَّادَانِيُّ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ عِيسَى الرَّقَاشِيُّ، عَنِ الْحَسَنِ قَالَ: خَطَبَنَا اَبُو هُرَيْرَةَ عَلَى مِنْبَرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَيَعْتَذِرَنَّ اللّٰهُ تَعَالَى يَوْمَ الْقِيَامَةِ اِلَى آدَمَ ثَلَاثَ مَعَاذِيرَ يَقُولُ اللّٰهُ تَعَالَى: يَا آدَمُ، لَوْلَا اِنِّي لَعَنْتُ الْكَذَّابِينَ، وَاَبْغَضْتُ الْكَذِبَ وَالْخُلْفَ، وَاُعَذِّبُ عَلَيْهِ لَرَحِمْتُ الْيَوْمَ وَلَدَكَ اَجْمَعِينَ مِنْ شِدَّةِ مَا اَعْدَدْتُ لَهُمْ مِنَ الْعَذَابِ، وَلَكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّي لَاَنْ كُذِّبَتْ رُسُلِي وَعُصِيَ اَمْرِي (رُسُلِي)، لَاَمْلَاَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجَنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِينَ، وَيَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: يَا آدَمُ، اعْلَمْ اَنِّي لَا اُدْخِلُ مِنْ ذُرِّيَّتِكَ النَّارَ

حضرت حسن فرماتے ہیں کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے منبر پر خطبہ دیا تو فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سنا: اللہ تعالیٰ قیامت کے دن حضرت آدم علیہ السلام سے تین چیزوں کے ذریعے معذرت فرمائے گا' اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اے آدم! اگر میں نے جھوٹوں پر لعنت نہ کی ہوتی اور میں نے جھوٹ اور وعدہ خلافی کو ناپسند سمجھا اور میں نے اس پر عذاب نہ کیا ہوتا تو میں آج کے دن تیری ساری اولاد پر رحم کرتا' اپنے ہی تیار کردہ سخت عذاب سے' لیکن یہ بات میری طرف سے ثابت ہو چکی کہ اگر میرے رسولوں کو جھٹلایا گیا اور میرے حکم کی نافرمانی کی گئی تو میں جہنم کو انسانوں اور جنوں سب سے بھردوں گا اور اللہ عزوجل فرماتا ہے: اے ابن آدم! جان لے کہ میں تیری اولاد سے اس کو دوزخ میں داخل نہیں کروں گا اور نہ اسے دوزخ کا عذاب دوں گا مگر جن کے متعلق میں اپنے علم سے معلوم کر

758- صحیح مسلم جلد 3صفحہ1361' رقم الحدیث: 1737 . مسند ابن الجعد جلد 1صفحہ207' رقم الحدیث: 1363 . مصنف ابن أبی شیبة جلد 6صفحہ513' رقم الحدیث: 33416 . مسند الشهاب القضاعی جلد 1صفحہ153' رقم الحدیث: 211 . السنن الکبری للبیهقی جلد 8صفحہ276' رقم الحدیث: 16634 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اَحَدًا، وَلَا اُعَذِّبُ بِالنَّارِ اِلَّا مَنْ قَدْ عَلِمْتُ بِعِلْمِی اَنِّی لَوْ رَدَدْتُهُ اِلَی الدُّنْیَا لَعَادَ اِلَی شَرِّ مَا کَانَ مِنْهُ (فِیهِ)، وَلَمْ یَرْجِعْ، وَلَمْ یَعْتَبْ، وَیَقُولُ اللّٰهُ: یَا آدَمُ، قَدْ جَعَلْتُكَ حَکَمًا بَیْنِی وَبَیْنَ ذُرِّیَّتِكَ، قُمْ عِنْدَ الْمِیزَانِ، فَانْظُرْ مَا یُرْفَعُ اِلَیْكَ مِنْ اَعْمَالِهِمْ، فَمَنْ رَجَحَ مِنْهُمْ خَیْرُهُ عَلَی شَرِّهِ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ فَلَهُ الْجَنَّةُ حَتَّی تَعْلَمَ اَنِّی لَا اُدْخِلُ مِنْهُمُ النَّارَ اِلَّا ظَالِمًا

لوں کہ اگر میں اس کو دوبارہ دنیا کی طرف لوٹا دوں تو یہ پہلے سے بھی زیادہ بُرا ہو کر لوٹے گا اور نہ وہ رجوع کرے گا اور نہ معذرت کرے گا اور اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اے آدم! بلاشبہ میں اپنے اور تیری اولاد کے درمیان ثالث مقرر کرتا ہوں' میزان کے پاس کھڑا ہو جا! پس دیکھ کہ وہ تیری طرف اپنے اعمال سے کیا اُٹھالائے ہیں' سو جس کی اچھائی اس کی بُرائی پر ذرّہ بھر بھی وزنی ہوئی' اس کے لیے جنت ہے حتیٰ کہ تُو جان لے کہ میں ان میں سے کسی کو جہنم میں داخل نہیں کروں گا مگر وہ جو ظالم ہوا۔

لَا یُرْوَی هٰذَا الْحَدِیثُ عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الْاَعْلَی بْنُ حَمَّادٍ، وَهٰذَا الْحَدِیثُ یُؤَیِّدُ قَوْلَ مَنْ قَالَ: اِنَّ الْحَسَنَ قَدْ سَمِعَ مِنَ اَبِی هُرَیْرَةَ بِالْمَدِینَةِ، وَقَدْ رَاَی الْحَسَنُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ یَخْطُبُ عَلَی الْمِنْبَرِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے اس حدیث کو اس اسناد کے علاوہ روایت نہیں کیا گیا۔ عبدالاعلیٰ بن حماد اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔ یہ حدیث اس شخص کے قول کی تائید کرتی ہے جس نے کہا کہ حضرت حسن نے حضرت ابو ہریرہ سے مدینہ منورہ میں سماع کیا اور بلاشبہ حضرت حسن نے حضرت عثمان بن عفان کو منبر پر خطبہ پڑھتے دیکھا ہے۔

759 - حَدَّثَنَا مُوسَی بْنُ خَازِمٍ الْاَصْبَهَانِیُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بُكَیْرٍ الْحَضْرَمِیُّ، حَدَّثَنَا ثَابِتُ بْنُ الْوَلِیدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جُمَیْعٍ، حَدَّثَنِی اَبِی، عَنْ اَبِی الطُّفَیْلِ عَامِرِ بْنِ وَاثِلَةَ، عَنْ اَبِی سَرِیحَةَ حُذَیْفَةَ بْنِ اَسِیدٍ الْغِفَارِیِّ اَنَّ اَبَا ذَرٍّ الْغِفَارِیَّ، وَقَفَ عَلَی بَنِی غِفَارٍ، فَقَالَ: یَا بَنِی غِفَارٍ، اِنَّ الصَّادِقَ الْمَصْدُوقَ

حضرت ابو سریحہ حذیفہ بن اسید غفاری سے روایت ہے کہ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بنی غفار پر کھڑے ہوئے' فرمایا: اے بنی غفار! بے شک صادق المصدوق ﷺ نے مجھ سے حدیث بیان کی کہ لوگ تین گروہوں میں (قیامت کے دن) اکٹھے کیے جائیں گے' ایک گروہ کھانے والے لباس پہنے ہوئے اور ایک گروہ چلتے ہوئے

759- سنن النسائی رقم الحدیث:2086 . معجم الأوسط رقم الحدیث:8437 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَنِي: اَنَّ النَّاسَ يُحْشَرُونَ ثَلاثَةَ اَفْوَاجٍ: فَوْجًا طَاعِمِينَ كَاسِينَ، وَفَوْجًا يَمْشُونَ وَيَسْعَوْنَ، وَفَوْجًا تَسْحَبُهُمُ الْمَلائِكَةُ وَتَحْشُرُهُمُ النَّارُ مِنْ وَرَائِهِمْ قَالَ: قَدْ عَرَفْنَا هَؤُلاءِ وَهَؤُلاءِ، فَمَا بَالُ الَّذِينَ يَمْشُونَ وَيَسْعَوْنَ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: تَنْزِلُ الْآفَةُ عَلَى الظَّهْرِ فَلا يَبْقَى ظَهْرٌ حَتَّى اِنَّ اَحَدَكُمْ لَيُعْطِي اَحَدَكُمُ الْحَدِيقَةَ الْمُتَّخِذَةَ لَهُ بِشَارِفٍ ذَاتِ الْقَتَبِ فَلا يَجِدُهَا

اور دوڑتے ہوئے اور ایک گروہ کو فرشتے گھسیٹ رہے ہوں گے اور ان کے پیچھے سے آگ انہیں اکٹھا کرے گی۔ کہا کہ بلاشبہ ہم ان کو تو پہچان گئے تو وہ لوگ کون ہیں جو چلتے دوڑتے ہوں گے؟ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مصیبت سواریوں پر آئے گی تو کوئی سواری باقی نہ رہے گی حتیٰ کہ تم میں سے ایک آدمی دوسرے کو کجاوے والی بوڑھی سواری کے عوض اپنا ایک باغ تک دے گا' پھر بھی وہ سواری نہ پائے گا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ ثَابِتِ بْنِ الْوَلِيدِ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ بُكَيْرٍ، وَقَدْ رَوَى مُحَمَّدُ بْنُ الْفُضَيْلِ وَيَزِيدُ بْنُ هَارُونَ عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

ثابت بن ولید سے اس حدیث کو محمد بن بکیر کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا اور بلاشبہ محمد بن فضیل نے اور یزید بن ہارون نے ولید بن عبداللہ سے اس حدیث کی روایت کی ہے۔

760 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى بْنِ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ اَبُو الْمُثَنَّى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْخُزَاعِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي قِلابَةَ، عَنْ اَنَسٍ، وَقَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: لا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يَتَبَاهَى النَّاسُ بِالْمَسَاجِدِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہو گی جب تک لوگ مسجدیں بنانے میں باہم فخر کرنے لگیں گے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا حَمَّادٌ، تَفَرَّدَ بِهِ الْخُزَاعِيُّ

قتادہ سے اس حدیث کو حماد کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ خزاعی اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد

760- سنن أبي داؤد رقم الحديث: 449 . سنن ابن ماجه رقم الحديث: 739 . مسند أبي يعلىٰ الموصلي رقم الحديث:2798 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ہے۔

فائدہ :لوگ بلندو بالا مساجد تو تعمیر کریں گے لیکن نمازیوں کی تعداد برائے نام اور قلیل ہوگی۔آج غیر نمازیوں کی اکثریت سے یہ علامتِ قیامت عیاں ہے۔

761 - حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ خَالِدٍ الْمِصِّيصِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْكَبِيرِ بْنُ الْمُعَافَى بْنِ عِمْرَانَ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ ذَرِيحٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَفَعَهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مِنِ اقْتِرَابِ السَّاعَةِ اَنْ يُرَى الْهِلَالُ قِبَلًا، فَيُقَالُ لِلَيْلَتَيْنِ، وَاَنْ تُتَّخَذَ الْمَسَاجِدَ طُرُقًا، وَاَنْ يَظْهَرَ مَوْتُ الْفُجَائَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ مرفوعاً نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: قربِ قیامت چاند سامنے دیکھا جائے گا' پھر کہا جائے گا کہ دو راتوں کا ہے اور مسجدوں سے (قربِ قیامت) راستے بنائے جائیں گے اور موت اچانک ظاہر ہوگی۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ الشَّعْبِيِّ اِلَّا الْعَبَّاسُ بْنُ ذَرِيحٍ، وَلَا عَنْهُ اِلَّا شَرِيكٌ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الْكَبِيرِ

شعبی سے اس حدیث کو عباس بن ذریح سے اور ان سے شریک کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔عبدالکبیر اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

762 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادِ بْنِ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيُّ الْكُوفِيُّ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دنیا ختم نہیں ہو گی حتیٰ کہ میرے اہل بیت کا ایک فرد بادشاہ بنے گا' اس کا نام میرے

761- صحيح مسلم جلد 3صفحه1361' رقم الحديث: 1737 . مسند ابن الجعد جلد 1صفحه207' رقم الحديث: 1363 . مصنف ابن أبي شيبة جلد 6صفحه513' رقم الحديث: 33416 . مسند أحمد جلد 21 صفحه343' رقم الحديث: 13857 . مسند أبي يعلى الموصلي جلد 6صفحه112' رقم الحديث: 3382 . مستخرج أبي عوانة جلد4صفحه208' رقم الحديث: 6521 .

762- تفسير ابن أبي حاتم جلد5صفحه1427 . مصنف ابن أبي شيبة جلد 7صفحه506' رقم الحديث: 47597 . مسند أحمد جلد 17صفحه368' رقم الحديث: 11266 . مسند أبي يعلى الموصلي جلد2صفحه505' رقم الحديث: 1353 . الدعاء للطبراني جلد1صفحه616' رقم الحديث: 2247 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

خَالِدِ بْنِ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ سَلَّامُ بْنُ سُلَيْمٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ اَبِی النَّجُودِ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: لَا تَذْهَبُ الدُّنْيَا حَتّٰى يَمْلِكَ رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ بَيْتِی يُوَاطِءُ اسْمُهُ اسْمِی، يَمْلَأُ الْاَرْضَ عَدْلًا وَقِسْطًا كَمَا مُلِئَتْ جَوْرًا وَظُلْمًا

نام کے ساتھ موافق ہوگا' وہ زمین کو عدل سے بھر دے گا اور انصاف سے جس طرح وہ ناانصافی اور ظلم سے بھری ہو گی۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اَبِی الْاَحْوَصِ اِلَّا جَعْفَرُ بْنُ عَلِيٍّ تَفَرَّدَ بِهِ يَحْيَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ

ابوالاحوص سے اس حدیث کو جعفر بن علی کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ یحییٰ بن اسماعیل اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

763 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِیُّ اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ بِمَدِينَةِ جَبَلَةَ سَنَةَ تِسْعٍ وَسَبْعِينَ وَمِائَتَيْنِ، حَدَّثَنَا جُنَادَةُ بْنُ مَرْوَانَ الْاَزْدِیُّ الْحِمْصِیُّ، حَدَّثَنَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: سَاَلْتُ رَبِّی عَزَّ وَجَلَّ ثَلَاثَ خِصَالٍ فَاَعْطَانِی اثْنَتَيْنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں نے اپنے رب عزوجل سے تین خصلتوں کا سوال کیا تو اس نے مجھے دو عطا فرما دیں اور ایک سے مجھے منع فرما دیا' میں نے اس سے سوال کیا کہ میری اُمت پر ان کے غیر کو دشمن مسلط نہ کرنا تو اس نے مجھے یہ عطا کر دی اور میں نے اس سے سوال کیا کہ میری اُمت کو قحط میں مبتلا کر کے ہلاک نہ فرمانا تو اس نے

763- سنن الترمذی جلد4صفحه471' رقم الحديث: 2175 . مسند أحمد جلد34صفحه532' رقم الحديث: 21053 . الآحاد والمثانی لابن أبی عاصم جلد 1صفحه213' رقم الحديث: 282 . السنن الكبرى للنسائی جلد2صفحه130' رقم الحديث: 1335 . المسند للشاشی جلد2صفحه399' رقم الحديث: 998 . صحيح ابن حبان جلد 16صفحه218' رقم الحديث: 7236 . المعجم الكبير للطبرانی جلد 4صفحه57' رقم الحديث: 3621 . مسند الشاميين للطبرانی جلد4صفحه223' رقم الحديث:3139 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

وَمَنَعَنِي وَاحِدَةً سَاَلْتُهُ اَنْ لَا يُسَلِّطَ عَلَى اُمَّتِي عَدُوًّا مِنْ غَيْرِهِمْ فَاَعْطَانِيهَا، وَسَاَلْتُهُ اَنْ لَا يَقْتُلَ اُمَّتِي بِالسَّنَةِ فَاَعْطَانِيهَا، وَسَاَلْتُهُ اَنْ لَا يَلْبِسَهُمْ شِيَعًا فَاَبَى عَلَيَّ

مجھے یہ بھی عطا فرما دی اور میں نے اس سے یہ سوال کیا کہ انہیں آپس کے اختلاف سے بچانا تو اس نے انکار کر دیا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مُبَارَكِ بْنِ فَضَالَةَ اِلَّا جُنَادَةُ

مبارک بن فضالہ سے اس حدیث کو جنادہ کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔

764 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عِرْقٍ الْحِمْصِيُّ الْيَحْصِبِيُّ بِحِمْصَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَسَبْعِينَ وَمِائَتَيْنِ، حَدَّثَنَا اَبِي، حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِي كَرِبَ الزُّبَيْدِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَاْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ مَنْ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ اَصْفَرُ وَاَبْيَضُ لَمْ يَتَهَنَّ بِالْعَيْشِ

حضرت مقدام بن معدیکرب الزبیدی رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: لوگوں پر ایک زمانہ آئے گا کہ جس کے پاس سونا چاندی نہ ہوگی، اس کی گزرانِ زندگی تسلی بخش نہ ہوگی۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ اِلَّا بَقِيَّةُ تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ عِرْقٍ، وَلَا يُرْوَى عَنِ الْمِقْدَامِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

ابوبکر بن ابومریم سے اس حدیث کو بقیہ کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ ابن عرق اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے اور نہ ہی حضرت مقدام سے اس اسناد کے علاوہ یہ حدیث روایت کی گئی ہے۔

764- الفتن لنعيم بن حماد جلد 1 صفحه255' رقم الحديث: 718 . مسند أحمد جلد 28 صفحه433' رقم الحديث: 17201 . مسند الشاميين للطبرانی جلد2 صفحه343' رقم الحديث: 1461 . اصلاح المال جلد1 صفحه43' رقم الحديث: 84 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

765 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ بَشِيرِ بْنِ اَيُّوبَ الطَّيَالِسِيُّ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ اَيُّوبَ صَاحِبُ الْبَصَرِ، حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ دِينَارٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: سَمِعْتُ مَيْمُونَ بْنَ سِنْبَاذَ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: قِوَامُ اُمَّتِي بِشِرَارِهَا

حضرت میمون بن سنباذ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سنا: میری اُمت کے حکمران بدترین لوگ ہوں گے۔

لَا يُرْوَى عَنْ مَيْمُونٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ تَفَرَّدَ بِهِ هَارُونُ بْنُ دِينَارٍ الْبَصْرِيُّ

حضرت میمون سے اس حدیث کو اس اسناد کے علاوہ روایت نہیں کیا گیا۔ ہارون بن دینار مصری اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

فائدہ: دورِ حاضر میں یہ علامت بطورِ کمال موجود ہے کہ اللہ و رسول کے احکام سے اعراض کرنے والے اور بے عمل لوگ مسلمانوں پر بطور نگران و حکمران مسلط ہیں۔

766 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوبَ الْمُقْرِءُ الْبَغْدَادِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ الْبَلْخِيُّ، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عِيسَى الْقَارِءُ، عَنْ مُفَضَّلِ بْنِ يُونُسَ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: اِنَّكُمْ تَزْعُمُونَ اَنِّي مِنْ آخِرِكُمْ وَفَاةً، اَلَا وَاِنِّي اَوَّلُكُمْ وَفَاةً، وَتَتْبَعُونِي اَفْنَادًا، اَيَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ

حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بلاشبہ تم یہ گمان کرتے ہو کہ میں تم میں آخر میں وصال کروں گا' سنو! بلاشبہ میں تم سے پہلے وصال کروں گا اور تم کئی جماعتوں کے پیروکار بنو گے اور تم ایک دوسرے کی گردنیں مارنے لگو گے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مُفَضَّلٍ اِلَّا الْقَارِءُ تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ

مفضل سے اس حدیث کو قاری کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ محمد بن ابان اس حدیث کی روایت کے ساتھ

765- مسند أحمد جلد36صفحه310' رقم الحديث:21985 . المعجم الأوسط جلد8صفحه69 .

766- مسند أحمد جلد4صفحه106 .مجمع الزوائد جلد7صفحه106 . كنز العمال رقم الحديث:31077 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

منفرد ہے۔

767 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ الْمَدَائِنِيُّ مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو ضَمْرَةَ اَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: ذُكِرَ فِي زَمَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَسْفٌ قِبَلَ الْمَشْرِقِ، فَقَالَ بَعْضُ النَّاسِ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ يُخْسَفُ بِاَرْضٍ فِيهَا الْمُسْلِمُونَ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، اِذَا كَانَ اَكْثَرُ اَهْلِهَا الْخُبُثُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دورِ مبارک میں مشرق میں زمین میں دھنسنے کا ذکر کیا گیا تو بعض لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا اس سرزمین میں مسلمانوں کو دھنسایا جائے گا؟ آپ نے فرمایا: ہاں! جب ان میں زیادہ تر بُرے کام کرنے لگیں گے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَنَسٍ اِلَّا اَبُو ضَمْرَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ الْمُسَيَّبِيُّ

اس حدیث کو از یحییٰ از انس صرف ابوضمرہ نے روایت کیا۔ مسیبی اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

فائدہ: ریڈیو اور ٹیلی وژن میں گانوں اور عریانی فلموں کی شکل میں فحاشی عام ہے بلکہ ہر گھر میں چوبیس گھنٹے موجود. ہے جو اس حدیث کی مصداق ہے اور علامت قیامت ہے۔

768 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَمَّالُ الْاَصْبَهَانِيُّ الْفَقِيهُ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ يُونُسَ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، حَدَّثَنَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس اُمت کے کچھ لوگ رات کھانے پینے اور عیش وعشرت میں گزاریں گے اور جب صبح

767- السنن الواردة فی الفتن للدانی جلد3صفحه711' رقم الحدیث: 342 .

768- سنن الترمذی جلد4صفحه471' رقم الحدیث: 2175 . مسند أحمد جلد34صفحه532' رقم الحدیث: 21053 . الآحاد والمثانی لابن أبی عاصم جلد 1صفحه213' رقم الحدیث: 282 . السنن الکبری للنسائی جلد2صفحه130' رقم الحدیث: 1335 . المسند للشاشی جلد2صفحه399' رقم الحدیث:998 . صحیح ابن حبان جلد16صفحه218' رقم الحدیث:7236 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ الضُّبَعِيُّ، حَدَّثَنَا فَرْقَدٌ السَّبَخِيُّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: لَيَبِيتَنَّ قَوْمٌ مِنْ هَذِهِ الْأُمَّةِ عَلَى طَعَامٍ وَشَرَابٍ وَلَهْوٍ، وَيُصْبِحُوا قَدْ مُسِخُوا قِرَدَةً وَخَنَازِيرَ

کریں گے تو وہ بندروں اور خنزیروں کی صورتوں میں بدل چکے ہوں گے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا فَرْقَدٌ، وَلَا عَنْ فَرْقَدٍ إِلَّا جَعْفَرٌ، وَلَا عَنْ جَعْفَرٍ إِلَّا أَبُو دَاوُدَ، تَفَرَّدَ بِهِ عَلِيُّ بْنُ يُونُسَ

حضرت قتادہ سے اس حدیث کو فرقد کے سوا اور فرقد سے جعفر کے سوا اور جعفر سے ابوداؤد کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ علی بن یونس اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

Marfat.com

سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: يَا عَائِشَةُ: لَوْ كَانَ الْحَيَاءُ رَجُلًا لَكَانَ رَجُلًا صَالِحًا، وَلَوْ كَانَ الْبَذَاءُ رَجُلًا لَكَانَ رَجُلَ سُوءٍ

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ اِلَّا يَحْيَى بْنُ النَّضْرِ، وَلَا عَنْهُ اِلَّا اَبُو الْاَسْوَدِ تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ لَهِيعَةَ

ابوسلمہ سے اس حدیث کو یحییٰ بن نضر کے سوا اور ان سے ابوالاسود کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ ابن لہیعہ اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

1168 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْكَبِيرِ بْنُ مُحَمَّدٍ اَبُو عُبَيْدٍ الْاَنْصَارِيُّ الْبَصْرِيُّ، بِمِصْرَ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ، حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ رَبَّى صَغِيرًا حَتَّى يَقُولَ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، لَمْ يُحَاسِبْهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سنا: جس شخص نے چھوٹے بچے کی پرورش کی حتیٰ کہ اس (بچے) نے کہا: لا الٰہ الا اللہ! تو اللہ عزوجل اس کا حساب نہیں لے گا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ هِشَامٍ اِلَّا عِيسَى بْنُ يُونُسَ تَفَرَّدَ بِهِ الشَّاذَكُونِيُّ

ہشام سے اس حدیث کو عیسیٰ بن یونس کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ شاذ کونی اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

1169 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول

1168- مسند أحمد جلد37صفحه71' رقم الحديث: 22388 . مسند الرويانی جلد1صفحه407' رقم الحديث: 622 . السنة لأبی بكر بن الخلال جلد3صفحه510' رقم الحديث: 819 . معجم ابن الأعرابی جلد 2صفحه654' رقم الحديث: 1268 . أمثال الحديث للرامهرمزی جلد1صفحه160 . تاريخ أصبهان جلد1صفحه160 .

1169- صحيح البخاری جلد8صفحه19' رقم الحديث: 6066 . صحيح مسلم جلد 4صفحه1983' رقم

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

سَعِيدٍ اَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ الْكُوفِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا مِنْدَلُ بْنُ عَلِيٍّ الْعَنَزِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْمَجِيدِ بْنِ سُهَيْلِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: رِيحُ الْوَلَدِ مِنْ رِيحِ الْجَنَّةِ

اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اولاد کی خوشبو جنت کی خوشبو ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ اِلَّا عَبْدُ الْمَجِيدِ تَفَرَّدَ بِهِ مِنْدَلٌ

عبیداللہ سے اس حدیث کو عبدالمجید کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ مندل اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

1170 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ الْحَلَبِيُّ،

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

الحديث: 2558 . سنن أبی داؤد جلد4صفحه278' رقم الحديث: 4910 . سنن الترمذی جلد 4 صفحه329' رقم الحديث: 1935 . جامع معمر بن راشد جلد 11صفحه167' رقم الحديث: 20222 . مسند أبی داؤد الطيالسی جلد3صفحه564' رقم الحديث:2206 . مسند الحميدی جلد2صفحه302' رقم الحديث: 1217 . مصنف ابن أبی شيبة جلد5صفحه215' رقم الحديث: 25372 . مسند أحمد جلد 21 صفحه 419' رقم الحديث: 14016 . الأدب المفرد جلد 1صفحه144' رقم الحديث: 398 . السنة للمروزی جلد 1صفحه9' رقم الحديث: 9 . مسند أبی يعلٰی الموصلی جلد6صفحه409' رقم الحديث: 3771 .

1170- سنن أبی داؤد جلد 4صفحه285' رقم الحديث: 4941 . سنن الترمذی جلد 4صفحه323' رقم الحديث: 1924 . مسند أبی داؤد الطيالسی جلد4صفحه9' رقم الحديث: 2364 . مسند الحميدی جلد1 صفحه 503' رقم الحديث: 602 . مصنف ابن أبی شيبة جلد 5صفحه217' رقم الحديث: 25393 . مسند أحمد جلد 11صفحه33' رقم الحديث: 6494 . البر والصلة للحسين بن حرب جلد 1صفحه67' رقم الحديث: 128 . الأدب المفرد جلد 1صفحه33' رقم الحديث: 54 . الرد على الجهمية للدارمی جلد 1 صفحه 48' رقم الحديث:69 . الكنٰی والأسماء للدولابی

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْعَبْدِيُّ، حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُسْلِمٍ الْمَكِّيُّ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ: اَنَّ رَجُلًا مَرَّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ، فَرَاَى اَصْحَابَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ مِنْ جَلَدِهِ وَنَشَاطِهِ مَا اَعْجَبَهُمْ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لَوْ كَانَ هَذَا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: اِنْ كَانَ يَسْعَى عَلَى وَلَدِهِ صِغَارًا فَهُوَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَاِنْ كَانَ خَرَجَ يَسْعَى عَلَى اَبَوَيْنِ شَيْخَيْنِ كَبِيرَيْنِ فَفِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَاِنْ كَانَ خَرَجَ يَسْعَى عَلَى نَفْسِهِ لِيَعِفَّهَا فَفِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَاِنْ كَانَ خَرَجَ يَسْعَى عَلَى اَهْلِهِ فَفِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَاِنْ كَانَ خَرَجَ يَسْعَى تَفَاخُرًا وَتَكَاثُرًا فَفِي سَبِيلِ الطَّاغُوتِ

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ الْحَكَمِ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُسْلِمٍ، وَلَا عَنْهُ اِلَّا هَمَّامٌ تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، وَلَا يُرْوَى عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

کہ ایک آدمی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس سے گزرا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ کرام اس کے جسم (کی بناوٹ) اور چستی پر بڑے متعجب ہوئے' سو انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! کاش کہ یہ اللہ کی راہ میں جہاد کرتا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر یہ اپنے چھوٹے بچوں کی پرورش میں تگ و دو کرتا ہے تو یہ اللہ کی راہ میں ہے اور اگر یہ اپنے بوڑھے والدین کی دیکھ بھال کی کوشش میں نکلے تو بھی اللہ کے راستے میں ہے اور اگر یہ اپنی ذات کے لیے کوشش کرتا ہے تا کہ محتاجی سے بچ سکے تو بھی اللہ کی راہ میں ہے اور اگر اپنے گھر والوں کے لیے محنت کی خاطر نکلتا ہے تو بھی اللہ کی راہ میں ہے اور اگر فخر اور زیادہ طلبی کی کوشش میں نکلتا ہے تو یہ شیطان کے راستے میں ہے۔

حکم سے اس حدیث کو اسماعیل بن مسلم کے سوا اور اس سے ہمام کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ محمد بن کثیر اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے اور یہ حدیث

جلد1صفحہ412' رقم الحديث: 740 . مساوئ الأخلاق للخرائطی جلد 1صفحہ128' رقم الحديث: 256 . المعجم الكبير للطبرانی جلد 13صفحہ47' رقم الحديث: 115 . المستدرك على الصحيحين للحاكم جلد 4صفحہ179' رقم الحديث: 7288 . الآداب للبيهقی جلد 1صفحہ15' رقم الحديث: 28 . الأسماء والصفات للبيهقی جلد 2صفحہ328' رقم الحديث: 893 . السنن الكبرىٰ للبيهقی جلد 9صفحہ71' رقم الحديث: 17905 . شعب الايمان جلد 10صفحہ321' رقم الحديث: 7560 . النفقة على العيال جلد1صفحہ426' رقم الحديث: 257 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

حضرت کعب بن عجرہ سے اس اسناد کے علاوہ روایت نہیں کی گئی۔

1171 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ الْبَرْذَعِيُّ بِمِصْرَ، حَدَّثَنِي اَبُو سَلَمَةَ عُبَيْدُ بْنُ خَلَصَةَ بِمَعْرَةِ النُّعْمَانِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ الْمَدَنِيُّ، عَنِ الْمُنْكَدِرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ اَبِي

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے والد نے میرا مال لے لیا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس آدمی سے فرمایا: جا اپنے والد کو میرے پاس لے آ! پس حضرت جبریل علیہ السلام نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل ہوئے' انہوں نے کہا: بے شک اللہ

1171- أخلاق أهل القرآن جلد 1صفحه69' رقم الحديث: 19 . صحيح مسلم جلد4صفحه2002' رقم الحديث: 2590 . سنن أبي داؤد جلد4صفحه287' رقم الحديث: 4946 . سنن الترمذی جلد 4صفحه34' رقم الحديث: 1425 . سنن ابن ماجه جلد2صفحه1245' رقم الحديث: 3791 . جامع معمر بن راشد جلد 11صفحه293' رقم الحديث: 20577 . الزهد والرقائق لابن المبارك جلد 1صفحه330' رقم الحديث: 944 . مسند أبي داؤد الطيالسی جلد4صفحه183' رقم الحديث: 2561 . الأمالی فی آثار الصحابة جلد 1 صفحه 29' رقم الحديث: 7 . مصنف عبد الرزاق الصنعانی جلد10صفحه227' رقم الحديث: 18933 . مصنف ابن أبي شيبة جلد 6صفحه60' رقم الحديث: 29475 . مسند أحمد جلد 12صفحه393' رقم الحديث: 7427 . سنن الدارمی جلد 1صفحه363' رقم الحديث: 356 . السنن الكبرىٰ للنسائی جلد 6 صفحه 465' رقم الحديث: 7244 . مسند أبي يعلىٰ الموصلی جلد 11صفحه21' رقم الحديث: 6160 . معجم أبي يعلىٰ الموصلی جلد 1صفحه261' رقم الحديث: 326 . المنتقى لابن الجارود جلد1صفحه203' رقم الحديث: 802 . شرح مشكل الآثار جلد 13صفحه314' رقم الحديث: 5291 . مكارم الأخلاق للخرائطی جلد 1صفحه50' رقم الحديث: 95 . معجم ابن الأعرابی جلد3صفحه970' رقم الحديث: 2006 . صحيح ابن حبان جلد 1صفحه284' رقم الحديث: 84 . الدعاء للطبرانی جلد 1 صفحه533' رقم الحديث: 1907 . المعجم الأوسط جلد1صفحه63' رقم الحديث: 178 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اَخَذَ مَالِی، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ لِلرَّجُلِ: اذْهَبْ فَاْتِنِی بِاَبِیكَ، فَنَزَلَ جِبْرِیلُ عَلَیْهِ السَّلَامُ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنَّ اللّٰهَ یُقْرِئُكَ السَّلَامَ، وَیَقُولُ: اِذَا جَائَكَ الشَّیْخُ، فَسَلْهُ عَنْ شَیْءٍ قَالَهُ فِی نَفْسِهِ مَا سَمِعَتْهُ اُذُنَاهُ، فَلَمَّا جَاءَ الشَّیْخُ قَالَ لَهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: مَا بَالُ ابْنِكَ یَشْكُوكَ، اَتُرِیدُ اَنْ تَاْخُذَ مَالَهُ؟، فَقَالَ: سَلْهُ یَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَلْ اَنْفَقْتُهُ اِلَّا عَلَی عَمَّاتِهِ اَوْ خَالَاتِهِ اَوْ عَلَی نَفْسِی، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: اِیهِ، دَعْنَا مِنْ هَذَا اَخْبِرْنَا عَنْ شَیْءٍ قُلْتَهُ فِی نَفْسِكَ مَا سَمِعَتْهُ اُذُنَاكَ، فَقَالَ الشَّیْخُ: وَاللّٰهِ، یَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا یَزَالُ اللّٰهُ یَزِیدُنَا بِكَ یَقِینًا، لَقَدْ قُلْتُ فِی نَفْسِی شَیْئًا مَا سَمِعَتْهُ اُذُنَایَ، فَقَالَ: قُلْ، وَاَنَا اَسْمَعُ قَالَ: قُلْتُ :

غَذَوْتُكَ مَوْلُودًا وَمُنْتُكَ یَافِعًا.....تُعَلُّ بِمَا اَجْنِی عَلَیْكَ وَتَنْهَلُ،

اِذَا لَیْلَةٌ ضَافَتْكَ بِالسُّقْمِ لَمْ اَبِتْ.....لِسُقْمِكَ اِلَّا سَاهِرًا اَتَمَلْمَلُ،

كَاَنِّی اَنَا الْمَطْرُوقُ دُونَكَ بِالَّذِی.....طُرِقْتَ بِهِ دُونِی فَعَیْنَایَ تَهْمُلُ،

تَخَافُ الرَّدَی نَفْسِی عَلَیْكَ وَاِنَّهَا.....لَتَعْلَمُ اَنَّ الْمَوْتَ وَقْتٌ مُؤَجَّلُ،

فَلَمَّا بَلَغْتَ السِّنَّ وَالْغَایَةَ الَّتِی.....اِلَیْهَا مَدَی مَا فِیكَ كُنْتُ اُؤَمِّلُ،

جَعَلْتَ جَزَائِی غِلْظَةً وَفَظَاظَةً.....كَاَنَّكَ اَنْتَ الْمُنْعِمُ الْمُتَفَضِّلُ،

فَلَیْتَكَ

تعالیٰ آپ کو سلام کہتا ہے اور فرماتا ہے: جب آپ کے پاس وہ بوڑھا آدمی آئے تو اس سے اس شے کے متعلق پوچھنا جو اس نے اپنے دل میں کہی ہے جسے اس کے کانوں نے نہیں سنا۔ پس جب وہ بوڑھا شخص آیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے پوچھا: تیرے بیٹے کو کیا ہوا کہ یہ تیری شکایت کرتا ہے' کیا تُو یہ ارادہ رکھتا ہے کہ تُو اس کا مال لے لے؟ تو اس نے عرض کی: یارسول اللہ! اس سے پوچھئے کہ کیا میں نے وہ (مال) اس کی پھوپھیوں اور خالاؤں پر خرچ کیا ہے یا اپنی ذات پر؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: رہنے دو ہم سے اسے چھوڑو' ہمیں اس بارے بتاؤ جو تُو نے اپنے دل میں کہا اور تیرے کانوں نے اسے نہ سنا۔ تو اس بوڑھے نے عرض کی: یارسول اللہ! اللہ کی قسم! اللہ تعالیٰ ہمیشہ آپ کے ذریعے ہمارے یقین کو بڑھاتا رہا' بلاشبہ میں نے اپنے دل میں ایک بات کہی ہے' اسے کانوں نے نہیں سنا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کہہ میں سنتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ میں نے عرض کی: میں نے بچپن میں تجھے غذا دی اور تیری جوانی میں تیرا خرچ اور ضروریات پوری کرتا رہا' میں تجھے چن کر دیتا تھا تو ایک دفعہ لے کر پھر دوبارہ لیتا تھا' اگر کسی رات کو تجھ کو بیماری کی تنگی آئی تو میں رات سوتا نہیں تھا' تیری بیماری کی وجہ سے بلکہ جاگتا تھا بے قراری میں' گویا کہ میں رات کا مہمان ہوں جو تیرے پاس آیا ہوں بلکہ تیرے پاس نہیں تو میرے پاس آیا ہے' یہی وجہ ہے کہ میری آنکھیں برس رہی ہیں' میری جان

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اِذْ لَمْ تَرْعَ حَقَّ اُبُوَّتِی.....فَعَلْتَ كَمَا الْجَارُ الْمُجَاوِرُ يَفْعَلُ، تَرَاهُ مُعَدًّا لِلْخِلَافِ كَاَنَّهُ.....بِرَدِّ عَلَى اَهْلِ الصَّوَابِ مُوَكَّلُ . قَالَ: فَحِينَئِذٍ اَخَذَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ بِتَلَابِيبِ ابْنِهِ وَقَالَ: اَنْتَ وَمَالُكَ لِاَبِيكَ

تیری ہلاکت پر ڈر جاتی تھی اور بلاشبہ تُو جانتا ہے کہ موت کا ایک وقت مقرر ہے' سو جب تُو اس عمر تک پہنچا اور سفر کی اس منزل پر جس کی مجھے تجھ سے اُمید تھی تو تُو نے مجھے اس کے بدلے میں سختی اور اکھڑ پن کی سزا دی' گویا کہ تُو انعام کرنے اور احسان کرنے والا ہے' کاش کہ تُو میرے اپنے باپ ہونے کے حق کو سمجھ پاتا تو پڑوسی ہمسایہ کی طرح میرے ساتھ سلوک کرتا' تم اسے اختلاف کے لیے تیار پاؤ گے گویا کہ یہ ہی اہل حق کی تردید کے لیے مقرر کیا گیا ہے۔ کہا کہ پس نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس وقت اس کے بیٹے کے گریبان کو پکڑا اور فرمایا: تُو اور تیرا مال تیرے والد کا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ اِلَّا بِهَذَا التَّمَامِ وَالشِّعْرِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ تَفَرَّدَ بِهِ عُبَيْدُ بْنُ خَلَصَةَ

اس حدیث کو محمد بن منکدر سے اس طرح مکمل اور شعر کے ساتھ اس اسناد کے علاوہ روایت نہیں کیا گیا۔ عبید بن خلصہ اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

1172 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَيْرٍ الْيَافُوِیُّ بِمَدِينَةِ يَافَا، حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ هَارُونَ الرَّمْلِیُّ، حَدَّثَنَا اَيُّوبُ بْنُ سُوَيْدٍ، حَدَّثَنِی اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ اللَّيْثِیُّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُكُمُ الْمُدَافِعُ عَنْ

حضرت سراقہ بن مالک بن جعشم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے بہترین شخص وہ ہے جو اپنے قبیلے کا دفاع کرے جب تک وہ گناہ نہ کرے۔

1172- المعجم الأوسط جلد5صفحه156' رقم الحديث: 4931 . مكارم الأخلاق للطبرانی جلد1صفحه354' رقم الحديث: 114 . مسند الشهاب القضاعی جلد1صفحه199' رقم الحديث: 301 . شعب الايمان جلد11 صفحه23' رقم الحديث: 8088 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

عَشِيرَتِهِ مَا لَمْ يَأْثَمْ

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اُسَامَةَ اِلَّا اَيُّوبُ

اسامہ سے اس حدیث کو ایوب کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔

1173 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، حَدَّثَنِي جَدِّي الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، حَدَّثَنِي عَمِّي يَعْقُوبُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْعَبَّاسِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ الْعَبَّاسِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: يَا عَمِّ، وَلَدُكَ قَوْمٌ لَجَجٌ، وَغَيْرُهُمُ الْاَبْعَدُ

حضرت عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے چچا جان! آپ کی اولاد شور کرنے والی قوم ہے اور ان کے سوا جو ہیں وہ بہت دور ہیں (اللہ کی رحمت سے)۔

لَا يُرْوَى عَنِ الْعَبَّاسِ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ تَفَرَّدَ بِهِ وَلَدُهُ عَنْهُ

حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے اس حدیث کو اس اسناد کے سوا روایت نہیں کیا گیا اور ان کا بیٹا اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

1174 - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ خَلِيفَةَ الْاُبُلِّيُّ،

حضرت بہز بن حکیم از والد خود از جد خود روایت

1173- مسند أحمد جلد37صفحه71' رقم الحديث: 22388 . مسند الرويانی جلد1صفحه407' رقم الحديث: 622 . السنة لأبی بكر بن الخلال جلد3صفحه510' رقم الحديث: 819 . معجم ابن الأعرابی جلد2صفحه654' رقم الحديث: 1268 . أمثال الحديث للرامهرمزی جلد1صفحه160 .

1174- صحيح البخاری جلد8صفحه19' رقم الحديث: 6066 . صحيح مسلم جلد 4صفحه1983' رقم الحديث: 2558 . سنن أبی داؤد جلد4صفحه278' رقم الحديث: 4910 . سنن الترمذی جلد 4 صفحه329' رقم الحديث: 1935 . جامع معمر بن راشد جلد 11صفحه167' رقم الحديث: 20222 . مسند أبی داؤد الطيالسی جلد3صفحه564' رقم الحديث: 2206 . مسند الحميدی جلد2صفحه302'

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ آدَمَ، حَدَّثَنَا اَزْهَرُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَنْ اَبَرُّ؟ قَالَ: اُمَّكَ، قُلْتُ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: اُمَّكَ قُلْتُ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: اَبَاكَ قُلْتُ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: الْاَقْرَبَ فَالْاَقْرَبَ

کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! کون میرے سلوک کا سب سے زیادہ حقدار ہے؟ آپ نے فرمایا: تیری ماں! میں نے عرض کی: پھر کون؟ فرمایا: تیری ماں! میں نے عرض کی: پھر کون؟ فرمایا: تیرا باپ! میں نے عرض کی: پھر کون ہے؟ فرمایا: پھر درجہ بدرجہ رشتہ دار۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ اِلَّا اَزْهَرُ، تَفَرَّدَ بِهِ بِشْرُ عَنْ اَزْهَرَ

ابن عون سے اس حدیث کو ازہر کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ بشر ازہر سے اس حدیث کو روایت کرنے میں منفرد ہے۔

☆☆☆☆☆

رقم الحديث: 1217 . مصنف ابن أبی شيبة جلد5صفحه215' رقم الحديث: 25372 . مسند أحمد جلد21 صفحه 419' رقم الحديث: 14016 . الأدب المفرد جلد 1صفحه144' رقم الحديث: 398 . السنة للمروزی جلد 1صفحه9' رقم الحديث: 9 . مسند أبی يعلٰی الموصلی جلد6صفحه409' رقم الحديث: 3771 . شرح مشكل الآثار جلد1صفحه398' رقم الحديث: 454 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

38- کتاب الاستیذان

حصولِ اجازت کے احکام ومسائل

1175 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ عُرْوَةَ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مُوسَى الْاَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْاَشْجَعِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو سُهَيْلِ بْنُ مَالِكٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنِ اطَّلَعَ فِي بَيْتِ قَوْمٍ بِغَيْرِ اِذْنِهِمْ فَقَدْ حَلَّ اَنْ يَفْقَئُوا عَيْنَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے لوگوں کے گھر میں ان کی اجازت کے بغیر جھانکا تو ان کے لیے اس کی آنکھ پھوڑ دینا حلال ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اَبِي سُهَيْلٍ اِلَّا نَافِعُ بْنُ مَالِكٍ عَمُّ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ الْاَشْجَعِيّ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو مُوسَى اِسْحَاقُ بْنُ مُوسَى الْاَنْصَارِيُّ

ابوسہیل سے اس حدیث کو نافع بن مالک کے سوا جو حضرت مالک بن انس کے چچا ہیں' کسی نے روایت نہیں کیا۔ ابوموسیٰ اسحاق بن موسیٰ انصاری اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

1176 - حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِسْحَاقَ السَّرَّاجُ النَّيْسَابُورِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا ابْنُ الْجَرَّاحِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس صبح کو مجھے احتلام ہوا' میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس

1175- صحيح مسلم رقم الحديث: 2158 . سنن ابی داود رقم الحديث: 5172 .

1176- المعجم الكبير للطبرانی جلد 2 صفحه 51' رقم الحديث: 764 . المعجم الأوسط رقم الحديث: 2968 . مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 326 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

الْقُهُسْتَانِيُّ، حَدَّثَنَا زَافِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: لَمَّا كَانَتْ صَبِيحَةُ احْتَلَمْتُ دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ، فَاَخْبَرْتُهُ اَنِّي قَدِ احْتَلَمْتُ، فَقَالَ: لَا تَدْخُلْ عَلَى النِّسَاءِ، فَمَا اَتَى عَلَيَّ يَوْمٌ كَانَ اَشَدَّ مِنْهُ

حاضر ہوا' میں نے آپ کو خبر دی کہ بلاشبہ میں بالغ ہو چکا ہوں' تو آپ نے فرمایا: اب عورتوں کے پاس داخل نہ ہونا' تو مجھ پر اس دن سے زیادہ سخت دن کوئی نہ آیا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ يَحْيَى الْاَنْصَارِيِّ اِلَّا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ تَفَرَّدَ بِهِ زَافِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یحییٰ انصاری سے اس حدیث کو مالک بن انس کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ زافر بن سلیمان اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

39- كتاب الرؤيا

خوابوں کے احکام ومسائل

1177 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبِی الْوَرْسِ الْغَزِّیُّ، بِمَدِينَةِ غَزَّةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی السَّرِیِّ الْعَسْقَلَانِیُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِی سَعِيدٍ الْخُدْرِیِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: مَنْ رَآنِی فِی مَنَامِهِ فَقَدْ رَآنِی؛ فَاِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَتَمَثَّلُ بِی وَلَا بِالْكَعْبَةِ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے مجھے خواب میں دیکھا تو بلاشبہ اس نے مجھے ہی دیکھا کیونکہ شیطان میری صورت اور کعبہ کی صورت اختیار نہیں کرسکتا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ اِلَّا مَعْمَرٌ، وَلَا عَنْ مَعْمَرٍ اِلَّا عَبْدُ الرَّزَّاقِ تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ اَبِی السَّرِیِّ، وَلَا يُرْوَى عَنْ اَبِی سَعِيدٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، وَلَا يُحْفَظُ فِی حَدِيثٍ: وَلَا بِالْكَعْبَةِ، اِلَّا فِی هَذَا الْحَدِيثِ

زید بن اسلم سے اس حدیث کو معمر کے سوا اور معمر سے عبدالرزاق کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ ابن ابی سری اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے اور نہ ہی حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث اس اسناد کے علاوہ روایت کی گئی ہے۔ اور لفظ کعبہ کو اس حدیث کے سوا محفوظ نہیں کیا گیا۔

1178 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُصَيْرٍ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے

1177- المعجم الأوسط رقم الحديث:3026 . مجمع الزوائد جلد7صفحه181 .

1178- سنن الترمذی رقم الحديث:2280 . سنن الدارمی رقم الحديث:2147 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

الْاَصْبَهَانِیُّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِیلُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِیُّ، حَدَّثَنَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِیرِینَ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ: عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تُقَصُّ الرُّؤْیَا اِلَّا عَلَی عَالِمٍ، اَوْ نَاصِحٍ

روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: خواب عالم کے سوا یا کسی خیر خواہ کے سوا کسی سے بیان نہ کرو۔

لَمْ یَرْوِهِ عَنْ هِشَامٍ اِلَّا مُبَارَكٌ، تَفَرَّدَ بِهِ اِسْمَاعِیلُ، وَلَا كَتَبْنَاهُ اِلَّا عَنِ ابْنِ نُصَیْرٍ

ہشام سے اس حدیث کو مبارک کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ اسماعیل اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے اور ہم نے اس حدیث کو ابن نصیر کی روایت سے ہی لکھا ہے۔

1179 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ یَحْیَی بْنِ مَالِكٍ الضَّبِّیُّ الْاَصْبَهَانِیُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیزِ بْنِ اَبِی رِزْمَةَ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوسَی السِّینَانِیُّ، حَدَّثَنَا مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ، عَنِ الرُّكَیْنِ بْنِ الرَّبِیعِ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: الرُّؤْیَا الصَّادِقَةُ الصَّالِحَةُ جُزْءٌ مِنْ سَبْعِینَ جُزْئًا مِنَ النُّبُوَّةِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نیک سچے خواب نبوت کے ستر اجزاء میں سے ایک جزو ہے۔

لَمْ یَرْوِهِ عَنْ مِسْعَرٍ اِلَّا الْفَضْلُ بْنُ مُوسَی تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ اَبِی رِزْمَةَ

مسعر سے اس حدیث کو فضل بن موسیٰ کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ ابن ابی رزمہ اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

☆☆☆☆☆

1179- صحیح مسلم رقم الحدیث: 2265 ۔ سنن ابن ماجه رقم الحدیث: 3897 ۔ المعجم الکبیر للطبرانی جلد9صفحه247 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

40- کتاب آداب السفر

آدابِ سفر کے احکام ومسائل

1180 - حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ سُلَيْمٍ اَبُو عَقِيلٍ الْخَوْلَانِيُّ، بِمَدِينَةِ الطَرَطُوس، حَدَّثَنَا مُعَلِّلُ بْنُ نُفَيْلٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنَا عَتَّابُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهُ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ

حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب سفر سے واپس آتے تو دو رکعت نماز ادا فرماتے۔

لَا يُرْوَى عَنْ عَلِيٍّ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ تَفَرَّدَ بِهِ مُعَلِّلُ بْنُ نُفَيْلٍ، وَهُوَ ثِقَةٌ، وَالْمَشْهُورُ مِنْ حَدِيثِ الزُّهْرِيِّ عَنِ ابْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِيهِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے اس حدیث کو اس اسناد کے علاوہ روایت نہیں کیا گیا۔ معلل بن نفیل اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے اور یہ ثقہ راوی ہیں اور مشہور حدیث زہری ہے جو انہوں نے از ابن کعب بن مالک از والد خود روایت کی ہے۔

1181 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ طُوَيْتٍ الرَّمْلِيُّ الْبَزَّازُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ ابْنِ اَخِي رَوَّادِ بْنِ الْجَرَّاحِ، حَدَّثَنَا رَوَّادٌ، حَدَّثَنَا مَالِكٌ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سفر عذاب کا ایک ٹکڑا ہے جو اس سے اس کی نیند اس کا کھانا اور اس کا پینا اور اس کی لذت کو

1180- المعجم الأوسط رقم الحديث:3038 . مجمع الزوائد جلد2صفحه283 .

1181- صحيح البخاری رقم الحديث:1804 . صحيح مسلم رقم الحديث:1927 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

بْنُ اَنَسٍ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ اَبِی عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا، ح وَحَدَّثَنَا مَالِكٌ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ اَبِی صَالِحٍ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: السَّفَرُ قِطْعَةٌ مِنَ الْعَذَابِ يَمْنَعُ اَحَدُكُمْ نَوْمَهُ وَطَعَامَهُ وَشَرَابَهُ وَلَذَّتَهُ، فَاِذَا فَرَغَ اَحَدُكُمْ مِنْ حَاجَتِهِ فَلْيُعَجِّلْ اِلَى اَهْلِهِ

روک دیتا ہے' سو جب تم میں سے کوئی ایک اپنی حاجت سے فارغ ہوتو وہ جلدی اپنے اہل کی طرف لوٹ آئے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مَالِكٍ، عَنْ رَبِيعَةَ اِلَّا رَوَّادٌ، وَالْمَشْهُورُ مِنْ حَدِيثِ مَالِكٍ، عَنْ سُمَيٍّ

اس حدیث کو از مالک از ربیعہ صرف روّاد نے روایت کیا اور مشہور حدیث حضرت مالک کی از سمی روایت کردہ ہے۔

1182 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِیُّ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِی حَبِيبٍ، عَنْ اَبِی الطُّفَيْلِ عَامِرِ بْنِ وَاثِلَةَ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا ارْتَحَلَ قَبْلَ اَنْ تَزِيغَ الشَّمْسُ اَخَّرَ الظُّهْرَ حَتَّى يُصَلِّيَهَا مَعَ الْعَصْرِ، وَاِذَا ارْتَحَلَ بَعْدَ زَيْغِ الشَّمْسِ عَجَّلَ الْعَصْرَ حَتَّى يُصَلِّيَهُمَا جَمِيعًا، وَاِذَا ارْتَحَلَ قَبْلَ غُرُوبِ الشَّمْسِ اَخَّرَ الْمَغْرِبَ حَتَّى يُصَلِّيَهُمَا جَمِيعًا، وَاِذَا ارْتَحَلَ بَعْدَ غُرُوبِ الشَّمْسِ صَلَّاهَا مَعَ الْمَغْرِبِ

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب بھی کوچ کرتے سورج ڈھلنے سے پہلے تو نمازِ ظہر کو مؤخر کرتے حتیٰ کہ اسے (یعنی نمازِ ظہر کو) عصر کے ساتھ پڑھتے اور جب سورج ڈھلنے کے بعد کوچ کرتے تو عصر میں جلدی کرتے حتیٰ کہ ان دونوں (ظہر و عصر) کو اکٹھا پڑھتے اور جب غروبِ آفتاب سے قبل کوچ کرتے تو مغرب کو مؤخر کرتے حتیٰ کہ دونوں (مغرب و عشاء) کو اکٹھا کر کے پڑھتے اور جب غروبِ آفتاب کے بعد کوچ کرتے تو اسے (یعنی عشاء کو) مغرب کے ساتھ ادا فرماتے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ مُعَاذٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ تَفَرَّدَ بِهِ قُتَيْبَةُ

اس حدیث کو حضرت معاذ سے اس اسناد کے علاوہ روایت نہیں کیا گیا۔ قتیبہ اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

1182- سنن أبی داؤد رقم الحدیث: 1208 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

1183 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْحُسَيْنِ اَبُو مَسْعُودٍ الصَّابُونِيُّ التُّسْتَرِيُّ الْمُعَدِّلُ، قَالَ: وَجَدْتُ فِي كِتَابِ ابِي حَفْصِ بْنِ عَمْرٍ الرَّازِيّ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ رَاشِدٍ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: كَانَ: يَكْرَهُ الرَّجُلَ اَنْ يَاْتِيَ اَهْلَهُ طُرُوقًا

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ دَاوُدَ اِلَّا عَبَّادٌ، وَلَا عَنْهُ اِلَّا حَفْصٌ تَفَرَّدَ بِهِ الصَّابُونِيُّ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس بات کو ناپسند فرماتے تھے کہ کوئی آدمی اپنے اہل کے پاس رات کو آئے۔

داؤد سے اس حدیث کو عباد کے سوا اور ان سے حفص کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ صابونی اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

1184 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَسَّانَ الْمَازِنِيُّ الْمِصْرِيُّ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ يَزِيدَ اَبُو دَاوُدَ الْمَحْمِيُّ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ يَزِيدَ الصُّدَائِيُّ، عَنْ اَبِي هَانِءٍ عُمَرَ بْنِ بَشِيرٍ، عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيّ، عَنْ عَدِيّ بْنِ حَاتِمٍ الطَّائِيّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: لَا تُسَافِرُ الْمَرْاَةُ فَوْقَ ثَلَاثِ لَيَالٍ اِلَّا مَعَ زَوْجٍ اَوْ ذِي مَحْرَمٍ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَدِيّ بْنِ حَاتِمٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ سُلَيْمَانُ بْنُ يَزِيدَ

حضرت عدی بن حاتم طائی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کوئی عورت تین دن سے زیادہ کا سفر اپنے خاوند یا محرم کے سوا نہ کرے۔

اس حدیث کو حضرت عدی بن حاتم سے اس اسناد کے سوا روایت نہیں کیا گیا۔ سلیمان بن برید اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

1183- صحیح البخاری رقم الحدیث: 5243 . صحیح مسلم رقم الحدیث: 2776 .

1184- صحیح البخاری رقم الحدیث: 1086 . المعجم الکبیر للطبرانی جلد 11 صفحہ 425 . المعجم الأوسط رقم الحدیث: 569 . مجمع الزوائد جلد 3 صفحہ 214 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

41- کتاب البخل

بخل کے احکام ومسائل۔

1185 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْبَرْمَكِيُّ الْمَدَنِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاُوَيْسِيُّ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَيِّدُكُمْ يَا بَنِي سَلِمَةَ؟ قَالُوا: الْجَدُّ بْنُ قَيْسٍ عَلَى اَنَّا نُبَخِّلُهُ، فَقَالَ: وَاَيُّ دَاءٍ اَدْوَاُ مِنَ الْبُخْلِ، بَلْ سَيِّدُكُمُ الْجَعْدُ الْقَطَطُ عَمْرُو بْنُ الْجَمُوحِ

حضرت عبداللہ بن کعب بن مالک اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تمہارا سردار کون ہے؟ اے بنی سلمہ! انہوں نے بتایا کہ جد بن قیس ہم اسے بخیل سمجھتے ہیں' تو آپ نے فرمایا: بخیلی سے بڑھ کر کون سی بیماری ہوسکتی ہے بلکہ تمہارا سردار جعد القطط عمرو بن جموح ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ تَفَرَّدَ بِهِ الْاُوَيْسِيُّ

زہری سے اس حدیث کو ابراہیم بن سعد کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ اویسی اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

☆☆☆☆☆

1185- المستدرك على الصحيحين للحاكم جلد4صفحه180 . الأدب المفرد رقم الحديث: 296. مجمع الزوائد جلد8صفحه315 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

42- كتاب الدية

دیت کے احکام ومسائل

1186 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ خَلَفٍ الدِّمَشْقِيُّ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ابْنِ بِنْتِ شُرَحْبِيلَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الدِّمَارِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِی اُنَيْسَةَ، عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: رُفِعَ اِلَی رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ طَعَنَ رَجُلًا عَلَی فَخِذِهِ بِقَرْنٍ، فَقَالَ الَّذِی طُعِنَتْ فَخِذُهُ: اَقِدْنِی يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: دَاوِهَا وَاسْتَاْنِ بِهَا حَتَّی نَنْظُرَ اِلَی مَا تَصِيرُ، فَقَالَ الرَّجُلُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَقِدْنِی، فَقَالَ لَهُ مِثْلَ ذَلِكَ، فَقَالَ الرَّجُلُ: اَقِدْنِی يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَاَقَادَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ، فَيَبِسَتْ رِجْلُ الرَّجُلِ الَّذِی اَقَادَهُ (اسْتَقَادَهُ) وَبَرِءَ رِجْلُ الرَّجُلِ الَّذِی اسْتُقِيدَ مِنْهُ، فَاَبْطَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ دِيَتَهَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں مسئلہ لایا گیا کہ ایک آدمی نے دوسرے آدمی کو اس کی ران پر سینگ سے مارا تو اس شخص نے جسے ران پر مارا گیا' عرض کی: یارسول اللہ! مجھے قصاص دلایئے! تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس کا علاج کر اور ٹھہر جا حتیٰ کہ ہم دیکھیں کہ (زخم) کدھر جاتا ہے' تو اس آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے قصاص دلایئے! آپ ﷺ نے اسی (پہلے) کی مثل فرمایا' اس آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے قصاص دلایئے! تو رسول اللہ ﷺ نے اسے قصاص دلا دیا تو اس آدمی کی ٹانگ پر سوج پڑ گئی اور جس سے قصاص دلایا گیا اس کی ٹانگ صحیح ہوگئی' تو رسول اللہ ﷺ نے اس کی دیت کو باطل قرار دے دیا۔

1186- المعجم الأوسط رقم الحديث:3460 . مجمع الزوائد جلد6صفحه296 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ زَيْدٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ تَفَرَّدَ بِهِ سُلَيْمَانُ

زید سے اس حدیث کو محمد بن عبداللہ کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ سلیمان اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

1187 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ التُّسْتَرِيُّ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يُؤَدَى الْمُكَاتَبُ بِقَدْرِ مَا عَتَقَ مِنْهُ دِيَةَ الْحُرِّ، وَبِقَدْرِ مَا رَقَّ مِنْهُ دِيَةَ الْعَبْدِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مکاتب کی اس قدر دیت آزاد آدمی کے برابر ہے جس قدر وہ آزاد ہو چکا اور جس قدر وہ غلام ہے اتنی دیت اس کے لیے غلام کی ہوگی۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ يَحْيَى اِلَّا هِشَامٌ تَفَرَّدَ بِهِ مُعَاذٌ، وَرَوَاهُ مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، وَغَيْرُهُ عَنْ هِشَامٍ الدَّسْتُوَائِيِّ، عَنْ يَحْيَى، وَلَمْ يَذْكُرُوا قَتَادَةَ

از قتادہ از یحییٰ اس حدیث کو ہشام کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ معاذ اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے اور مسلم بن ابراہیم نے اس حدیث کو از ہشام دستوائی از یحییٰ روایت کیا اور انہوں نے قتادہ کا ذکر نہیں کیا۔

☆☆☆☆☆

1187- سنن أبی داؤد رقم الحديث: 4581 . سنن الترمذی رقم الحديث: 1259 . سنن النسائی رقم الحديث: 4809 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

43- مکاتیب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مکاتیب مبارکہ

1188 - حَدَّثَنَا حَذَافِی بْنُ حُمَيْدِ بْنِ الْمُسْتَنِيرِ بْنِ حَذَافِی بْنِ عَامِرِ بْنِ عِيَاضِ بْنِ مُخَرَّقٍ اللَّخْمِیُّ، حَدَّثَنِی اَبِی حُمَيْدُ بْنُ الْمُسْتَنِيرِ، عَنْ خَالِهِ اَخِی اُمِّهِ وَهُوَ خَالِدُ بْنُ مُوسَی، حَدَّثَنِی اَبِی، عَنْ جَدِّی، عَنْ زِيَادِ بْنِ جَهْوَرَ قَالَ: وَرَدَ عَلَیَّ كِتَابٌ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ فِيهِ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ اِلَی زِيَادِ بْنِ جَهْوَرَ، سِلْمٌ اَنْتَ، فَاِنِّی اَحْمَدُ اللّٰهَ اِلَيْكَ الَّذِی لَا اِلَهَ اِلَّا هُوَ، اَمَّا بَعْدُ، فَاِنِّی اُذَكِّرُكَ اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْآخِرَ اَمَّا بَعْدُ، فَلْيُوضَعَنَّ كُلُّ دِينٍ دَانَ بِهِ النَّاسُ اِلَّا الْاِسْلَامَ فَاعْلَمْ ذَلِكَ

حضرت زیاد بن جہور رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میری طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خط آیا' اس میں تھا: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم! محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے زیاد بن جہور کی طرف! تُو مسلمان ہے بلاشبہ میں تیری طرف سے اللہ تعالیٰ کی حمد کرتا ہوں' اس اللہ کی جس کی ذات کے سوا کوئی معبودِ برحق نہیں۔ امابعد! میں تجھے اللہ تعالیٰ اور قیامت کے دن کی یاد دلاتا ہوں۔ امابعد! سو ہر دین جسے لوگوں نے مان رکھا ہے' انہیں صرف اسلام پر رکھنا چاہیے' اس کو جان لو۔

لَا يُرْوَی عَنْ زِيَادٍ اللَّخْمِیِّ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

زیاد لخمی سے اس حدیث کو اس اسناد کے علاوہ کسی نے روایت نہیں کیا۔

1188- المعجم الكبير للطبرانی رقم الحديث: 5297 . المعجم الأوسط رقم الحديث: 3511 . مجمع الزوائد ' جلد6صفحہ14 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

44- کتاب صلٰوۃ العیدین

عیدین کی نماز کے احکام ومسائل

1189 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وُهَيْبٍ الْغَزِّيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي السَّرِيِّ الْعَسْقَلَانِيُّ، حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ رَاشِدٍ الْيَمَامِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو كَثِيرٍ يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: زَيِّنُوا اَعْيَادَكُمْ بِالتَّكْبِيرِ

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اَبِي كَثِيرٍ اِلَّا عُمَرُ، وَلَا عَنْ عُمَرَ اِلَّا بَقِيَّةُ تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اپنی عیدوں کو تکبیر کے ساتھ مزین کرو۔

ابن کثیر سے اس حدیث کو عمر کے سوا اور عمر سے بقیہ کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ ابن ابی سری اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

فائدہ : نمازِ عیدین سنت مؤکدہ قریب الوجوب ہیں' بغیر اذان کے اس کی دو رکعت ہیں۔ ہر رکعت میں تین زائد تکبیریں رفع یدین کی سنت کہی جاتی ہیں۔ نماز سے فراغت پر خطبہ مسنون پیش کیا جاتا ہے جس کا سننا واجب ہے۔ علاوہ ازیں آمدورفت کا راستہ تبدیل کرنا بھی سنت ہے۔

1190 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ رَجَاءٍ الْمِصْرِيُّ، حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

1189- المعجم الأوسط رقم الحديث: 4373 . مجمع الزوائد جلد2صفحہ197 .

1190- صحيح البخاری رقم الحديث: 493 . صحيح مسلم رقم الحديث: 501 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِی سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْاَنْصَارِیِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: صَلَّى الْعِيدَ بِالْمُصَلَّى مُسْتَتِرًا بِحَرْبَتِهِ

کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عید کی نماز عیدگاہ میں اپنے نیزے کو سترہ بنا کر ادا فرمائی۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ يَحْيَى اِلَّا سُلَيْمَانُ تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ وَهْبٍ

یحییٰ سے اس حدیث کو سلیمان کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ ابن وہب اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

1191 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ الشِّيرَازِیُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ نَجْدَةَ الْحَوْطِیُّ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْاَوْزَاعِیِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِی رَبَاحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ اَيَّامٍ الْعَمَلِ فِيهِنَّ اَفْضَلُ مِنْ عَشْرِ ذِی الْحِجَّةِ قَالُوا: وَلَا الْجِهَادُ فِی سَبِيلِ اللّٰهِ؟ قَالَ: وَلَا الْجِهَادُ فِی سَبِيلِ اللّٰهِ اِلَّا مَنْ عُقِرَ جَوَادُهُ وَاُهْرِيقَ دَمُهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عشرہ ذی الحجہ سے بڑھ کر کوئی بھی دن عمل کے لحاظ سے افضل نہیں ہیں' لوگوں نے عرض کی: اللہ کی راہ میں جہاد کرنا بھی نہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی راہ میں جہاد کرنا بھی نہیں سوائے اس شخص کے جس کے گھوڑے کو ذبح کر دیا جائے اور اس کا (اپنا) خون بھی بہا دیا جائے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ الْاَوْزَاعِیِّ اِلَّا الْوَلِيدُ، وَلَا عَنْهُ اِلَّا الْحَوْطِیُّ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ

اوزاعی سے اس حدیث کو ولید کے سوا اور ان سے حوطی سے کسی نے روایت نہیں کیا۔ محمد بن سنان اس روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

1192 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْخَطَّابِ الْعَسْكَرِیُّ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَاتِمٍ الدُّورِیُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى بْنِ الْحَارِثِ

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عیدین اور جمعہ (کی نمازوں) میں ''سبح اسم ربك الاعلیٰ'' اور ''هل اتاك حديث الغاشيه''

1191- صحيح البخاری رقم الحديث:969 . سنن أبی داؤد رقم الحديث:2438 .

1192- صحيح مسلم رقم الحديث:878 . سنن أبی داؤد رقم الحديث:1122 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

الْمُحَارِبِيُّ، حَدَّثَنَا اَبِی، عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَامِعٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ سَالِمٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: يَقْرَاُ فِی الْعِيدَيْنِ وَالْجُمُعَةِ بِ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى وَهَلْ اَتَاكَ حَدِيثُ الْغَاشِيَةِ

کی قرأت کیا کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَامِعٍ اِلَّا يَعْلَى بْنُ الْحَارِثِ تَفَرَّدَ بِهِ يَحْيَى بْنُ يَعْلَى

غیلان بن جامع سے اس حدیث کو یعلیٰ بن حارث کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ یحییٰ بن یعلیٰ اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

1193 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْاَصَمُّ الْبَغْدَادِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صُدْرَانَ السَّلِيمِيُّ، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنِ الْفُضَيْلِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ اَبِی حَرِيزٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ عَمَلٍ اَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ مِنْ عَمَلٍ فِی عَشْرِ ذِی الْحِجَّةِ اِلَّا رَجُلٌ يَخْرُجُ بِمَالِهِ وَنَفْسِهِ، ثُمَّ لَا يَرْجِعُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ عزوجل کی بارگاہ میں عشرہ ذی الحجہ کے عمل سے بڑھ کر کوئی عمل محبوب نہیں سوائے اس شخص کے جو اپنے مال اور اپنی جان کے ساتھ (اللہ کی راہ میں نکلے) پھر واپس نہ آئے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اَبِی حَرِيزٍ اِلَّا فُضَيْلٌ تَفَرَّدَ بِهِ مُعْتَمِرٌ

ابن حریز سے اس حدیث کو فضیل کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ معتمر اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے۔

1194 - وَبِاِسْنَادِهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: كَانَ اِذَا خَرَجَ اِلَى الْعِيدَيْنِ

اور اسی اسناد کے ساتھ یہ روایت بھی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب عیدین (کی نماز) کے لیے نکلتے تو ایک

1194- سنن ابن ماجه رقم الحديث: 1298 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

سَلَكَ عَلَى طَرِيقٍ، وَرَجَعَ عَلَى أُخْرَى

راستے جاتے اور دوسرے سے واپس آتے۔

1195 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: كَانَ يَبْدَأُ فِي الْعِيدَيْنِ بِالصَّلَاةِ قَبْلَ الْخُطْبَةِ، ثُمَّ يُكَبِّرُ فِي الْأُولَى بِسَبْعٍ قَبْلَ الْقِرَائَةِ، وَفِي الْآخِرَةِ خَمْسًا قَبْلَ الْقِرَائَةِ، وَكَانَ يَخْرُجُ فِي الْعِيدَيْنِ مَاشِيًا، وَيَرْجِعُ مَاشِيًا، وَكَانَ يُكَبِّرُ بَيْنَ أَضْعَافِ الْخُطْبَةِ، وَيُكْثِرُ التَّكْبِيرَ فِي الْعِيدَيْنِ

اور اسی اسناد کے ساتھ یہ روایت بھی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عیدین کی نماز خطبہ دینے سے پہلے پڑھتے تھے پھر پہلی رکعت میں سات تکبیریں قرأت سے پہلے کہتے اور دوسری رکعت میں پانچ تکبیریں قرأت سے پہلے کہتے اور آپ عیدین کے لیے پیدل جاتے اور پیدل واپس آتے اور آپ خطبہ کے درمیان تکبیریں کہتے اور عیدین میں کثرت سے تکبیریں پڑھتے۔

1196 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: كَانَ إِذَا خَطَبَ فِي الْعِيدَيْنِ خَطَبَ عَلَى قَوْسٍ، وَإِذَا خَطَبَ فِي الْجُمُعَةِ خَطَبَ عَلَى عَصًا

اور اسی اسناد کے ساتھ یہ روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب عیدین کا خطبہ دیتے تو کمان پر (ٹیک یا سہارا لے کر) خطبہ دیتے اور جب جمعہ کا خطبہ دیتے تو عصا کا سہارا لیتے۔

☆☆☆☆☆

1195- سنن ابن ماجه رقم الحديث:1277 .

1196- مجمع الزوائد جلد2صفحه199 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

45- کتاب الفرائض

میراث کے احکام ومسائل

1197 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ يُوسُفَ اَبُو عَلِيِّ بْنُ اَفْرَجَةَ الْاَصْبَهَانِيُّ الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَارِثِ الْمَخْزُومِيُّ الْمَدَنِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو مُصْعَبٍ الزُّهْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ رَكِبَ حِمَارًا اِلَى قُبَاءَ يَسْتَخْبِرُ فِي الْعَمَّةِ وَالْخَالَةِ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالَى اَنْ لَا مِيرَاثَ لَهُمَا

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قباء کی طرف اپنے گدھے پر سوار ہو کر نکلے تا کہ پھوپھی اور خالہ کی خبر گیری کریں تو اللہ تعالیٰ نے حکم نازل فرمایا کہ ان دونوں کی میراث نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ صَفْوَانَ اِلَّا الدَّرَاوَرْدِيُّ، وَلَا عَنْهُ اِلَّا اَبُو مُصْعَبٍ تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَارِثِ، وَلَا اَعْلَمُ اَحَدًا ذَكَرَهُ اِلَّا بِخَيْرٍ

صفوان سے اس حدیث کو دراوردی کے سوا اور ان سے ابومصعب کے سوا کسی نے روایت نہیں کیا۔ محمد بن حارث اس حدیث کی روایت کے ساتھ منفرد ہے اور میں کسی ایک کو بھی نہیں جانتا جس نے ان کا ذکر بھلائی کے بغیر کیا ہو۔

☆☆☆☆☆

1197- مجمع الزوائد جلد4صفحہ230 . المستدرك على الصحيحين للحاكم جلد4صفحہ381..

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

ہمارے ادارے کی دیگر مطبوعات

دلکش طباعت تحقیقی اور منفرد موضوعات معیار اور جدت کی علامت

7 جلدیں مکمل

3 جلدیں مکمل



1 جلد مکمل

1 جلد مکمل

پروگریسو بکس

یوسف مارکیٹ، غزنی سٹریٹ
اردو بازار، لاہور
فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

Marfat.com

Marfat.com
Marfat.com

ہمارے ادارے کی دیگر مطبوعات

دلکش طباعت تحقیقی اور منفرد موضوعات معیار اور جدت کی علامت

7 جلدیں مکمل



3 جلدیں مکمل

1 جلد مکمل

1 جلد مکمل



پروگریسو بکس
یوسف مارکیٹ ○ غزنی سٹریٹ
اُردو بازار ○ لاہور
فون 042-37124354 فیکس 042-37352795